# سالانہ رپورٹ

## مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

و

## منسلک انجمنیں

برائے سال 06-2005ء


مرتب:

حافظ خالد محمود خضر

مدیر شعبہ مطبوعات


© rasailojaraid

# اشاریہ

## (INDEX)


| | |
|---|---|
| □ شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ | 56 |
| ❁ اکیڈمک ونگ | |
| ۞ شعبہ مطبوعات | 56 |
| ۞ شعبہ تحقیق اسلامی | 60 |
| قرآن اکیڈمی لائبریری | 63 |
| ۞ شعبہ انگریزی | 65 |
| ❁ مکتبہ خدام القرآن | 66 |
| ❁ شعبہ خط وکتابت کورسز | 67 |
| ❁ شعبہ سمع وبصر | 71 |
| ❁ قرآن کالج لاہور | 77 |
| قرآن کالج ہاسٹل | 80 |
| ❁ شعبہ خواتین | 84 |
| ❁ دورۂ ترجمہ قرآن وجامع القرآن | 85 |
| ❁ صدر مؤسس کا ہفتہ وار درس قرآن | 86 |


om

| | |
|---|---|
| ایڈمن | 86 |
| اکاؤنٹس اینڈ کیش سیکشن | 87 |
| بیلنس شیٹ اور مالی گوشوارے | 88 |
| منسلک انجمنوں کی کارکردگی کا جائزہ | 91 |
| انجمن خدام القرآن سندھ' کراچی | 91 |
| انجمن خدام القرآن' ملتان | 106 |
| انجمن خدام القرآن سرحد' پشاور | 109 |
| انجمن خدام القرآن' اسلام آباد/راولپنڈی | 111 |


## اراکین انجمن کی موجودہ تعداد

| | | |
|---|---|---|
| مؤسسین ومحسنین | = | 449 |
| مستقل ارکان | = | 196 |
| عام ارکان | = | 227 |
| کل تعداد | = | 872 |

© rasailojaraid

# شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

## اکیڈمک وِنگ
## (Academic Wing)

قرآن اکیڈمی کا اکیڈمک ونگ چار شعبوں پر مشتمل ہے:

1) شعبہ مطبوعات
2) شعبہ تحقیق اسلامی
3) شعبہ تدریس
4) شعبہ انگریزی

یہ چاروں شعبے ڈائریکٹر اکیڈمی کے زیرنگرانی کام کر رہے ہیں۔ شعبہ مطبوعات کے مدیر حافظ خالد محمود خضر' شعبہ تحقیق اسلامی اور شعبہ تدریس کے انچارج حافظ عاطف وحید اور شعبہ انگریزی کے انچارج ڈاکٹر ابصار احمد ہیں۔ ان شعبہ جات کی سال 06-2005ء کی کارگزاری پیش خدمت ہے۔

## o شعبہ مطبوعات
## (Publication Department)

شعبہ مطبوعات کے تحت تین ذیلی شعبے (sections) کام کر رہے ہیں:

(1) تصنیف وتالیف اور ترتیب وتسوید سیکشن
(2) کمپوزنگ سیکشن
(3) پرنٹنگ سیکشن

.com
om

## (1) تصنیف و تالیف اور ترتیب و تسوید سیکشن

مکتبہ خدام القرآن لاہور کے زیرِ اہتمام شائع ہونے والے اردو جرائد (ماہنامہ میثاق' ماہنامہ حکمت قرآن اور ہفت روزہ ندائے خلافت) کے جملہ ادارتی امور' مثلاً مضامین کی تالیف اور ایڈیٹنگ' محترم صدرِ مؤسس کے دروسِ قرآن اور خطابات کو ٹیپ سے صفحۂ قرطاس پر منتقل کرنا اور انہیں تحریری شکل میں مرتب کرنا' محترم ڈائریکٹر اکیڈمی کے خطاباتِ جمعہ کو ٹیپ سے اتار کر ان کی تلخیص تیار کرنا' اور قابلِ اشاعت مضامین کی پروف ریڈنگ کے ساتھ ساتھ ان میں شامل حوالہ جات کے مطابق قرآنی آیات کے متن و ترجمہ اور احادیث نبویؐ کے متن' ترجمہ اور تخریج کا اہتمام کرنا اور اس نوعیت کے دیگر امور اس شعبہ کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔ چنانچہ یہ شعبہ ہر ماہ دو ماہانہ جرائد (میثاق اور حکمت قرآن) اور ہفت روزہ ندائے خلافت کے چار شماروں کی اشاعت کا اہتمام کرتا ہے۔

مزید برآں مکتبہ خدام القرآن کے زیرِ اہتمام شائع ہونے والی جملہ کتب (نئی یا پرانی) کی تیاری اور ان کی اشاعت کی ذمہ داری بھی اسی شعبے پر ہے۔ چنانچہ یہ شعبہ نئی کتابوں کی ترتیب و تدوین' ان میں شامل قرآنی آیات اور احادیث کے متن' تراجم اور حوالہ جات کی صحت کے اہتمام' پرانی کتابوں کی حسبِ ضرورت نظرِ ثانی اور ایڈیٹنگ کے بعد نئی کمپوزنگ اور نئے ایڈیشنز کی اشاعت کے وقت ان کی اغلاط کی ممکنہ تصحیح جیسے جملہ امور اپنے مختصر عملے کے ساتھ بحسن و خوبی انجام دے رہا ہے۔

## (2) کمپوزنگ سیکشن

شعبہ مطبوعات کا کمپوزنگ سیکشن ماہنامہ میثاق' ماہنامہ حکمت قرآن' ہفت روزہ ندائے خلافت' جملہ کتب' سوالنامے' ہینڈ بلز' خطوط' سرکلرز' اخباری اشتہارات اور اخبارات کو بھیجے جانے والے مضامین وغیرہ کی تمام تر کمپیوٹر کمپوزنگ اور اشتہارات اور ٹائٹلز وغیرہ کی کسی حد تک ڈیزائننگ کا کام سرانجام دیتا ہے۔

## (3) پرنٹنگ سیکشن

تمام رسائل و جرائد اور کتب کی کاپی پیسٹنگ کے علاوہ طباعت سے متعلق جملہ امور شعبہ مطبوعات کا پرنٹنگ سیکشن انجام دیتا ہے۔ چنانچہ پرنٹنگ پریسوں اور بک بائنڈرز سے

© rasailojaraid

رابطہ، زیر طبع کام کی نگرانی، طباعت کے بعد رسائل و جرائد اور کتب کی مکتبہ خدام القرآن کو فراہمی اور طبع شدہ کتب و جرائد کی ماسٹر کاپیوں کا ریکارڈ رکھنا اسی سیکشن کی ذمہ داری ہے۔

مزید برآں یہ سیکشن اخباری اشتہارات کی بکنگ کی ذمہ داری بھی ادا کرتا ہے۔

شعبہ مطبوعات کے متذکرہ بالا تینوں سیکشنز (sections) باہم دگر مربوط ہیں اور شعبہ کا تمام کام باہمی تعاون اور ٹیم ورک کے جذبے سے انجام دے رہے ہیں۔

2005-06ء کے دوران شعبہ مطبوعات کی کارکردگی کا جائزہ درج ذیل ہے:

### ☆ رسائل و جرائد

**میثاق**: جولائی 2005ء تا جون 2006ء کے دوران ماہنامہ میثاق کے 12 شمارے باقاعدگی سے شائع ہوئے۔

**حکمت قرآن**: اس عرصے کے دوران حکمت قرآن کے 11 شمارے شائع ہوئے۔ ماہ نومبر و دسمبر 2005ء کا 128 صفحات پر مشتمل مشترکہ شمارہ شائع کیا گیا، جس میں مرکزی انجمن خدام القرآن اور منسلک انجمنوں کی کارکردگی پر مشتمل سالانہ رپورٹ برائے سال 2004-05ء بھی شامل اشاعت کی گئی۔

جنوری 2006ء سے حکمت قرآن میں محترم صدر مؤسس کے شہرۂ آفاق دورۂ ترجمہ قرآن کو مرتب کر کے تحریری صورت میں شائع کرنے کا آغاز کیا گیا۔

**ندائے خلافت**: ہفت روزہ ندائے خلافت کی اشاعت میں باقاعدگی رہی۔ تاہم عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے علاوہ ایک اور موقع پر ایک ایک شمارے کا ناغہ کیا گیا۔

حلقہ خواتین تنظیم اسلامی کے تعاون سے ماہ مئی 06ء کے دوران ندائے خلافت کا خصوصی شمارہ ''خواتین نمبر'' شائع ہوا۔ 90 صفحات پر مشتمل اس خصوصی اشاعت کو دو اشاعتوں کے قائم مقام قرار دیا گیا۔ ''خواتین نمبر'' کی حد درجہ مقبولیت اور پذیرائی کے باعث اس کے مزید دو ایڈیشن شائع کیے گئے۔

### اشاعت کتب

سال 2005-06ء کے دوران مندرجہ ذیل نئی کتب شائع ہوئیں:

1) تعارف قرآن (از محترم صدر مؤسس)

2) بصائر (محترم صدر مؤسس کے اخباری مضامین)

3) محترم صدر مؤسس کے مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب (۲) کے دروس پر مشتمل ''حزب اللہ کے اوصاف اور امیر و مأمورین کا باہمی تعلق'' کے عنوان سے 336 صفحات کی ضخیم کتاب شائع کی گئی۔

4) ''تنظیم اسلامی کی دعوت'' کا انگریزی ترجمہ بعنوان: Call of Tanzeem-e-Islami انگلش سیکشن کے تعاون سے تیار کر کے شائع کیا گیا۔

5) ڈائریکٹر اکیڈمی حافظ عاکف سعید صاحب کے چند خطاباتِ جمعہ کی تلخیص پر مشتمل کتاب ''خطبۂ جمعہ۔ عربی متن کا ترجمہ و تشریح'' شائع کی گئی۔

6) فہرست کتب 2006ء
7) سالانہ رپورٹ مرکزی انجمن 2004-05ء
8) پراسپکٹس خط و کتابت کورسز
9) پراسپکٹس رجوع الی القرآن کورس (پارٹ II)

مندرجہ ذیل کتب کے نئے ایڈیشنز شائع کیے گیے:

1) حقیقت ایمان
2) تحریک جماعت اسلامی۔ ایک تحقیقی مطالعہ
3) خلافت کی حقیقت اور عصر حاضر میں اس کا نظام
4) پاکستان میں نظامِ خلافت۔ کیا' کیوں اور کیسے؟
5) جہاد بالقرآن اور اس کے پانچ محاذ (نظر ثانی شدہ)
6) مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق
7) اسلام کا معاشی نظام
8) شہید مظلومؓ
9) قرآن حکیم کی قوتِ تسخیر
10) مسلمان خواتین کے دینی فرائض
11) اسلام کی نشأۃ ثانیہ۔ کرنے کا اصل کام
12) قربِ الٰہی کے دو مراتب
13) مثیل عیسیٰؑ علی مرتضیٰؓ
14) تنظیم اسلامی کی دعوت
15) قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں
16) دینی فرائض کا جامع تصور
17) پیامِ اقبال بنام نوجوانانِ ملت
18) اسلامی تصوف میں غیر اسلامی نظریات کی آمیزش
19) آسان عربی گرامر (حصہ اول)
20) آسان عربی گرامر (حصہ دوم)
21) قرضوں کی جنگ
22) بدعت کیا ہے؟
23) Khilafah in Pakistan

نیز الہدیٰ کیسٹ سیریز کے 8 کتابچے شائع کیے گئے۔

© rasailojaraid

## ☆ رمضان المبارک کی خصوصی مہم

رمضان المبارک کی خصوصی مہم کے ضمن میں مندرجہ ذیل تین کتابچے بڑی تعداد میں شائع کیے گئے:

| | | |
|---|---|---|
| 1) | عظمت صیام و قیام رمضان | 15,000 |
| 2) | قرآن حکیم اور ہماری ذمہ داریاں | 15,000 |
| 3) | عظمت مصطفیٰ ﷺ | 10,000 |

## ☆ فقہی راہنمائی

یہ کام اگرچہ شعبہ مطبوعات کو تفویض کردہ امور میں شامل نہیں ہے' تاہم بہت سے حضرات فقہی مسائل معلوم کرنے کے لیے بالمشافہ اور بذریعہ ٹیلی فون رجوع کرتے ہیں' نیز ای میل کے ذریعے بھی استفسارات کیے جاتے ہیں۔ چنانچہ شعبہ مطبوعات فقہی امور میں راہنمائی کا فریضہ بھی مقدور بھر سرانجام دیتا ہے۔ واضح رہے کہ شعبہ مطبوعات کے پرنٹنگ سیکشن کے نگران شیخ رحیم الدین صاحب ایک سکہ بند عالم دین ہیں۔

# o شعبہ تحقیق اسلامی

# (Islamic Research & Training Section)

## شعبہ کے مقاصد

اس شعبے کا سب سے نمایاں اور ہدف کے اعتبار سے سب سے بلند کام بحث و تحقیق ہے۔ اس کے ذیل میں دعوت اسلامی کا وہ عظیم کام مقصود ہے جسے قرآنی الفاظ میں ﴿اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ ...﴾ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ یعنی امت کے ذہین اور تعلیم یافتہ طبقے کو حکمتِ قرآنی کے ذریعے دین کی دعوت پہنچائی جائے اور دین کی حقانیت اور فکرِ اسلامی کے علو کو ہدایتِ قرآنی کی روشنی میں مؤکد اور مدلل انداز میں پیش کیا جائے۔

اسی طرح شعبۂ تحقیق اسلامی کے سامنے جو مقاصد ہیں ان میں یہ کام بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے کہ وہ فکر قرآنی جسے محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب مدظلہٗ نے سابقہ نصف صدی سے زائد عرصہ کے دوران نہ صرف مُلک کے کونے کونے میں' بلکہ زمین کے طول و عرض میں

بھی دعوتِ قرآنی اور حکمت قرآنی کی ترویج کے ذریعے پھیلایا ہے اور ہر دردِ دل رکھنے والے کو اس کی طرف پکارا ہے' اب یہ فکر اس بات کا متقاضی ہے کہ بڑی تعداد میں اس کے علمبردار پیدا ہوں' اسے آگے بڑھایا جائے' دلائل کے ذریعے مؤکد کیا جائے اور آج کی زبان اور اصطلاحات میں پیش کیا جائے تاکہ بالآخر احیاءِ اسلام کی راہ ہموار ہو سکے۔

اسلام کے متذکرہ بالا انقلابی فکر کی جہاں مدح وستائش اور قبولیت ہوئی وہیں اسے مختلف انداز میں مخالفت اور تنقید کا نشانہ بھی بنایا گیا ہے۔ اس مخالفت اور تنقید میں ظاہر ہے کہ وہ حملے تو سرے سے قابلِ التفات نہیں ہیں جو اس فکر کو ایک potential danger سمجھتے ہوئے کبھی سرکاری اور کبھی غیر یا نیم سرکاری حلقوں کی جانب سے کیے گئے ہیں۔ البتہ بعض حلقوں کی طرف سے ایسی تنقیدیں اور اشکالات بھی پیش کیے گئے ہیں جو بظاہر علمی نوعیت کے ہیں' یا جن میں اعتراض کرنے والوں کا انداز ناصحانہ اور مخلصانہ ہے۔ ایسے اشکالات اور تنقیدوں کا علمی محاکمہ اور ان کا جواب دینا اس انقلابی تحریک کی بہر حال ضرورت ہے۔ اس شعبے میں بحمد اللہ ایسے انتظامات فراہم کیے گئے ہیں جن کے ذریعے دینی' تحریکی' فقہی اور دوسرے سوالات کے جواب دیے جا سکیں۔

## کارکردگی کا مختصر جائزہ

1) بحمد اللہ شعبۂ تحقیق اسلامی کے تحت سال گزشتہ میں جاری کام بحسن وخوبی جاری رہے۔ جن میں شعبۂ تدریس کی تعلیمی وتدریسی سرگرمیاں' میثاق' حکمتِ قرآن اور ندائے خلافت کے منتخب مضامین کی فنی جانچ پرکھ' ان مجلات کے لیے علمی اور تبلیغی موضوعات پر مضامین کی تیاری' معاشی' معاشرتی' سیاسی اور تحریکی استفسارات کا جواب دینا' رفیع الدین فاؤنڈیشن کے ساتھ اشتراکِ عمل کا معاملہ' صدر مؤسس کے انگریزی دورۂ ترجمہ قرآن کی تسوید وترتیب اور دیگر امور شامل ہیں۔

2) دورانِ سال فہم دین کورس (ایوننگ کلاسز) کا آغاز کیا گیا۔ بعد ازاں احباب کے اصرار پر مزید batches شروع کیے گئے۔ ایک کلاس عصر تا مغرب اور دوسری مغرب تا عشاء جاری ہے۔ یہ کورس دو موڈیولز پر مشتمل ہیں' پہلا موڈیول اگست کے آخر میں مکمل ہو چکا ہے۔ اس کورس میں تجوید وناظرہ اور عربی زبان وترجمۂ قرآن کی تدریس کی جاتی ہے۔ اب بحمد اللہ رمضان المبارک کے بعد اس کورس کا دوسرا موڈیول بھی شروع کر دیا گیا ہے اور سابقہ بیچ بھی جاری ہے۔

© rasailojaraid

3) اسی طرح سے ''اسلامک اکنامکس فورم'' کے عنوان سے ہفتہ وار پروگرام ترتیب دیا گیا ہے جس میں معاشیاتِ اسلام' بینکاری اور خصوصاً اسلامی بینکاری کے حوالے سے لیکچرز اور مذاکرے کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد علماءِ کرام کو موجودہ معاشی نظام سے متعارف کروانا اور یونیورسٹی / کالج کے اساتذہ' سکالرز اور بینکرز کو معاشی معاملات کی شرعی حیثیت سے آگاہ کرنا ہے۔ یہ پروگرام قرآن اکیڈمی میں منعقد کیا جاتا ہے۔

4) مورخہ 19 جون سے رجوع الی القرآن کورس (پارٹ II) کے جس بیچ کا آغاز کیا گیا تھا' اس کا دوسرا سمسٹر بھی شروع ہو چکا ہے۔ اسی طرح رجوع الی القرآن کورس (پارٹ I) کے نئے بیچ کا بھی آغاز ہو چکا ہے۔ اس سال شریک مرد و خواتین کی تعداد علی الترتیب 40 اور 20 ہے۔ یہ batch بھی بحمد اللہ کافی پڑھے لکھے اور committed شرکاء پر مشتمل ہے۔

5) جامعہ رحمانیہ لاہور کے ساتھ بحث و تحقیق کے حوالے سے اشتراکِ عمل کا ایک نیا سلسلہ شروع کیا گیا۔ اس ضمن میں جامعہ کے فارغ التحصیل تین ہونہار طالب علموں کو شعبہ تحقیق اسلامی میں ریسرچ ایسوسی ایٹ کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔ ان افراد کی فکرِ جدید و قدیم سے آگاہی کے لیے لٹریچر اور resource persons تک رسائی کو عملی شکل دے دی گئی ہے۔ امید ہے کہ اس انتظام سے شعبہ کے مقاصد کی طرف پیش رفت میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔

6) رفیع الدین فاؤنڈیشن کی رجسٹریشن وغیرہ کا کام بحمد اللہ مکمل ہو گیا ہے۔ اب عبد السلام صاحب کی لاہور visit پر ان شاء اللہ یہ پراجیکٹ بھی عملاً جاری ہو جائے گا۔

دعوت رجوع الی القرآن کی اساسی دستاویز

ڈاکٹر اسرار احمد کی مقبول عام تالیف

مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق

اشاعت خاص: 30 روپے اشاعت عام: 15 روپے

# قرآن اکیڈمی لائبریری

قرآن اکیڈمی لائبریری کو مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی مرکزی لائبریری کی حیثیت حاصل ہے‘ جو قرآن اکیڈمی کے بیسمنٹ میں واقع ہے۔ شعبۂ تحقیق اسلامی کے قیام کے بعد اب یہ لائبریری شعبۂ تحقیق کے تحت کام کر رہی ہے۔

## ☆ کتب

یکم جولائی 2005ء کو لائبریری میں کتب کی کل تعداد 9,203 تھی‘ دورانِ سال 805 کتب کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے 35 کتب بازار سے خریدی گئیں جن کی مالیت -/1470 روپے ہے‘ 345 کتب محترم صدر مؤسس کی طرف سے بطور عطیہ موصول ہوئیں‘ جبکہ 425 کتب شعبۂ تحقیق اسلامی کی طرف سے عطیہ میں موصول ہوئیں۔ اس طرح سال کے آخر میں کتب کی کل تعداد 10,008 ہو گئی ہے۔

## ☆ درجہ بندی اور کیٹلاگنگ

دوران سال درجہ بندی اور کیٹلاگنگ کا کام جاری رہا۔ تقریباً 2000 کتب کو اس مرحلے سے گزارا گیا‘ اور مزید کتب کا کام جاری ہے۔ درجہ بندی‘ کیٹلاگنگ‘ کارڈز بنوانے اور پھر ان کو حروف تہجی کے اعتبار سے مصنف‘ عنوان‘ موضوع اور شیلف لسٹ کی ترتیب کے ساتھ کیبنٹ میں لگانے کا کام بھی جاری رہا۔ کتب پر درجہ بندی سٹکرز بھی لگائے گئے۔

## ☆ اجراءِ کتب

سال 06-2005ء کے دوران تقریباً 230 افراد کو 1500 کتب و رسائل جاری ہوئے۔ اس کے علاوہ قارئین کی ایک کثیر تعداد نے لائبریری میں بیٹھ کر کتب و رسائل سے استفادہ کیا۔

## ☆ ممبر شپ

سال کے شروع میں ممبرز کی کل تعداد 46 تھی۔ دوران سال 14 ممبرز کے اضافے کے ساتھ یہ تعداد 60 ہو گئی۔ رکنیت حاصل کرنے والے زیادہ تر ممبرز ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کے طلبہ تھے۔ کورس مکمل کرنے والے اور دیگر ممبرز میں سے کل 8 کی کمی ہو گئی۔ اس طرح سال کے آخر میں ممبرز کی کل تعداد 52 رہ گئی۔

© rasailojaraid.

## ☆ رسائل و جرائد

دورانِ سال لائبریری میں 146 سے زائد رسائل و جرائد موصول ہوئے' جن میں ہفت روزہ' ماہنامہ' سہ ماہی' ششماہی' سال نامہ' نمبروار اور سیریل وار رسائل و جرائد شامل ہیں۔ لائبریری میں آنے والے رسائل علمی' تحقیقی' دینی' اصلاحی' سیاسی اور معاشرتی و سماجی موضوعات پر مشتمل ہوتے ہیں۔ یہ تمام رسائل و جرائد ماہنامہ حکمت قرآن' ماہنامہ میثاق اور ہفت روزہ ندائے خلافت کے تبادلہ میں آتے ہیں۔ دورانِ سال باقاعدگی سے آنے والے اردو' انگلش رسائل کی تعداد 116 اور بے قاعدگی سے آنے والے رسائل کی تعداد 30 رہی۔ دورانِ سال 28 رسال بند ہوئے اور 30 نئے رسائل آنا شروع ہوئے۔

رسائل و جرائد کے موصولہ شماروں کی مجموعی تعداد 2116 ہے۔ موصول ہونے والے رسائل و جرائد کی ترسیل میں باقاعدگی پیدا کرنے اور بند ہو جانے والے جرائد کے دوبارہ اجراء کے لیے 181 خطوط لکھے گئے۔ ان کے جواب میں متعدد رسائل و جرائد موصول ہوئے اور بند ہونے والے بیشتر رسائل دوبارہ آنا شروع ہو گئے۔

## ☆ اخبارات

لائبریری میں کل 16 اخبارات آتے ہیں جن میں سے 10 اردو اور 6 انگلش ہیں۔ اردو اخبارات: نوائے وقت' ایکسپریس' انصاف' اسلام' دن' خبریں' جنگ' جرأت' پاکستان' اور جناح ہیں' جبکہ انگریزی اخبارات: The Nation, Dawn, The Post, The News, Statesman اور The Frontier Post ہیں۔

قارئین کی ایک اچھی خاصی تعداد ان سے استفادہ کرتی ہے۔ تاہم لائبریری میں اخبارات صرف معین اوقات میں فراہم کیے جاتے ہیں۔ ان اخبارات کا مطالعہ تمام ذمہ داران حضرات صبح اور رات کے اوقات میں اپنے گھروں میں کرتے ہیں۔ ان کے لیے علیحدہ اخبارات نہیں خریدے جاتے۔

## ☆ اخبارات کے تراشوں کی فائلنگ

اخبارات میں محترم صدر مؤسس کے بیانات' مضامین' انٹرویوز' خطاباتِ جمعہ کے پریس ریلیز' سیمینارز میں خطابات کی خبریں' تنظیم اسلامی کے متعلق خبریں' تنظیم اسلامی کے سیمینارز' امیر تنظیم اسلامی اور دیگر مقررین کے اخبارات میں بیانات' مضامین' پریس کانفرنسوں'

جلسوں، جلوس اور مظاہروں کی رپورٹنگ اور بانی تنظیم اور امیر تنظیم اسلامی کے پروگراموں کی رپورٹس کو اخبارات سے کاٹ کر چسپاں کر کے فائل کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اخباری اشتہارات کی فائل بھی بنائی جاتی ہے۔ جناب سردار اعوان، مرزا ایوب بیگ اور عابد اللہ جان کے مضامین اور خطوط وغیرہ کے علاوہ مزید جن مضامین کی ضرورت ہو وہ بھی فائل کر لیے جاتے ہیں۔

## o شعبہ انگریزی
## (English Section)

1) The Call of Tanzeem-e-Islami پرنٹ ہو گئی ہے۔

2) The Genesis of Tanzeem-e-Islami پرنٹ کے لیے شعبہ مطبوعات کے سپرد کر دی گئی ہے۔

3) Synthesis of Iman فائنل تیار کر کے ڈاکٹر ابصار احمد صاحب سے چیک کروا کر مناسب ٹائٹل کے لیے جناب محمد علی صاحب کے سپرد کر دی گئی ہے۔

4) Khutba-e-Nikah پر ڈاکٹر ابصار احمد صاحب کام کر رہے ہیں۔

5) The Reality of Tasawwuf in Light of the Prophetic Model تیار کر کے آیات اور احادیث کے اضافے کے لیے شعبہ مطبوعات کے سپرد کر دی گئی ہے۔

6) انگریزی دورۂ ترجمہ قرآن کی سورۃ المائدۃ تک موصول شدہ انگریزی ٹرانسکرپشن تصحیح اور پروف ریڈنگ کے بعد برائے ویب سائٹ شعبہ سمع و بصر کے سپرد کر دی گئی ہے۔

7) شعبہ تحقیق اسلامی کی طرف سے دیے گئے فقہی سوالات کے جوابات کا اردو سے انگریزی میں ترجمہ برائے return e-mail کیا گیا۔

8) ندائے خلافت میں اشاعت کے لیے بعض انگریزی تراشوں (cuttings) کا اردو میں ترجمہ کیا گیا۔

© rasailojaraid.

# مکتبہ خدام القرآن

مالی سال 06-2005ء میں مکتبہ کی معمول کی سرگرمیاں بحسن وخوبی جاری رہیں۔ جبکہ چند خصوصی معاملات کی مختصر تفصیل درج ذیل ہے۔

(1) مکتبہ کے بڑھتے ہوئے سٹاک کی بنا پر سٹور کے لیے دستیاب جگہ تیزی سے کم ہو رہی ہے جس سے خاصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ سٹور کی گنجائش کو بڑھانے کے لیے مکتبہ کے ساتھ ملحق شعبہ خط وکتابت کورسز کا دفتر دوسری جگہ منتقل کر دیا گیا اور یہ جگہ مکتبہ کے سٹور میں شامل کی گئی جس سے سٹور کے حالات میں کچھ بہتری عمل میں آئی۔

(2) رمضان المبارک میں مرکزی انجمن کی طرف سے چار کتابچوں پر مشتمل 15 ہزار سیٹ تیار کیے گئے۔ مکتبہ خدام القرآن نے منسلک انجمنوں اور تنظیمی حلقہ جات کو ان کی بروقت ترسیل کو یقینی بنایا۔ اس کے علاوہ 2 عدد MP3 سی ڈیز پر مشتمل ''بیان القرآن'' کے سیٹ ''عید گفٹ سکیم'' کے تحت صرف -/20 روپے کی رعایتی قیمت میں پیش کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس سلسلے میں 25 ہزار سیٹ تیار کر کے مکتبہ کے حوالے کیے گئے' جن کی فروخت اور ترسیل کے لیے مکتبہ نے خصوصی انتظامات کیے اور الحمد للہ یہ ہدف پورا کیا گیا۔

(3) مارچ 06ء کے پہلے ہفتے میں فورٹریس سٹیڈیم کے قریب ''ایکسپو سینٹر'' میں منعقد ہونے والے ''لاہور انٹرنیشنل بک فیئر'' میں مکتبہ نے بھرپور طور پر شرکت کی۔ جہاں یہ بک فیئر بین الاقوامی معیار کے مطابق خوبصورت انتظامات کا حامل تھا' وہیں مکتبہ کا سٹال بھی اپنی آن بان میں کسی طرح کم نہ تھا۔ سٹال کو فلیکس پر چھپے خوبصورت اشتہارات سے سجایا گیا تھا۔ شعبہ سمع و بصر کی مدد سے سٹال پر Video display کا بھی اہتمام کیا گیا۔ ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے سٹال پر visit کیا' جس سے وسیع پیمانے پر تعارف حاصل ہوا۔ جبکہ مجموعی فروخت ایک لاکھ روپے سے زائد رہی۔

(4) اپریل 06ء کے اوائل میں قرآن آڈیٹوریم میں منعقد ہونے والے تنظیم اسلامی کے سہ روزہ اجتماع ذمہ داران کے موقع پر مکتبہ نے بھرپور سٹال کا اہتمام کیا' جس پر مجموعی طور پر سوا لاکھ روپے سے زائد کی سیل ہوئی۔

گزشتہ مالی سال کے دوران -/14,56,653 روپے کی کتب' -/53,76,920 روپے کی کیسٹس اور CDs اور -/13,64,646 روپے کے جرائد فروخت ہوئے۔ اس طرح مجموعی سیل -/81,98,219 روپے رہی۔

# شعبہ خط وکتابت کورسز

ڈاکٹر اسرار احمد صاحب صدر مؤسس مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور اور بانی تنظیم اسلامی کی دعوت ''رجوع الی القرآن'' کی متعدد جہتیں (facets) ہیں۔ عوام کے لیے ڈاکٹر صاحب کے دروسِ قرآن اور خطبات جمعہ' قرآن کالج میں نوجوان طلبہ کے لیے یونیورسٹی کورسز یعنی ایف۔اے' بی۔اے کے ساتھ ساتھ عربی گرامر اور قرآن وحدیث کی تعلیم' عمر رسیدہ اور serving احباب کے لیے عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے رجوع الی القرآن کورس اور تجوید سیکھنے کے لیے سپیشل کلاسز کا اہتمام موجود ہے۔ مزید برآں دورۂ ترجمۂ قرآن کو تحریک رجوع الی القرآن کے ایک اہم سنگ میل کی حیثیت حاصل ہے۔

ان سب کے علاوہ ایسے طلبہ وطالبات' خواتین وحضرات کے لیے جو ملک سے یا لاہور سے باہر ہیں یا جن کے لیے کسی وجہ سے قرآن کالج / قرآن اکیڈمی لاہور میں حاضری ممکن نہیں' خط وکتابت کورسز ترتیب دیے گئے ہیں' تاکہ سب گھر بیٹھے سہولت کے ساتھ اپنے فارغ وقت میں عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کرسکیں اور درج ذیل کورسز سے استفادہ کرسکیں:

(i) قرآن حکیم کی فکری وعملی راہنمائی کورس

(ii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ اول) کورس

(iii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ دوم) کورس

(vi) ابتدائی عربی گرامر (حصہ سوم) کورس

(v) ترجمہ قرآن کریم کورس

پہلے کورس کا آغاز جنوری 1988ء میں کیا گیا۔ اس کورس کا مقصد خواتین وحضرات اور طلبہ وطالبات کو قرآن حکیم کے مربوط مطالعے کے ذریعے دین کے جامع اور ہمہ گیر تصور سے متعارف کرانا ہے۔ بفضل باری تعالیٰ یہ کورس خوب زور وشور سے جاری ہے۔ اس میں حصہ لینے والوں کی تعداد 3782 تک پہنچ چکی ہے۔ بیرون ملک اس کورس کا اجراء سعودی عرب میں جدہ' مکہ مکرمہ' مدینہ منورہ' ریاض' داہران اور الوسیع میں ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ ابوظہبی' دبئ' شارجہ' راس الخیمہ' انگلینڈ' فرانس' کینیڈا اور امریکہ میں بھی کورس کا اجراء ہو چکا ہے۔

عربی گرامر کورس (حصہ اول) کا اجراء نومبر 1990ء میں کیا گیا۔ قرآن حکیم کو سمجھ کر

© rasailojaraid.

پڑھنے کے لیے ابتدائی عربی گرامر کا جاننا ناگزیر ہے۔ اس کورس کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ کو عربی گرامر کے بنیادی اصولوں سے اس حد تک متعارف کرا دیا جائے کہ قرآن اور احادیث سے براہ راست استفادہ کے لیے انہیں ایک بنیاد حاصل ہو جائے۔ اوّل الذکر کورس کی طرح یہ کورس بھی بہت مقبول ہوا۔ اس کے طلبہ اور طالبات کی تعداد 2690 تک پہنچ چکی ہے۔ یہ کورس بھی بیرون پاکستان سعودی عرب' ابوظہبی' دبئی' شارجہ' انگلینڈ' فرانس' کینیڈا اور امریکہ میں جاری ہو چکا ہے۔

اس کورس کے حصہ دوم کا آغاز اکتوبر 1992ء میں کر دیا گیا تھا۔ اس میں طلبہ کی تعداد 366 تک پہنچ چکی ہے' جبکہ حصہ سوم کا آغاز مارچ 1997ء میں ہوا۔ اس میں طلبہ کی تعداد 173 تک پہنچ چکی ہے۔

## ترجمۂ قرآن کریم کورس

اس کورس کا اجراء فروری 1996ء میں کیا گیا۔ یہ کورس خاص طور پر نوعمر اَفراد (youngsters) کے لیے جاری کیا گیا ہے' یعنی سکول اور کالج کے طلبہ و طالبات جو اردو میں لکھ پڑھ سکتے ہوں۔ ان طلبہ اور طالبات کا حافظہ بہت تیز ہوتا ہے اور یہ الفاظ کا ترجمہ بآسانی یاد کر سکتے ہیں۔

ایسے نوجوان بچے اور بچیاں اپنے گھر میں باسہولت وقت میں روزانہ 15-10 منٹ صرف کر کے قرآن کریم کا ترجمہ سیکھ سکتے ہیں۔ ایسے والدین جنہوں نے کسی وجہ سے اب تک اپنی اولاد کو قرآن کی تعلیم دینے کی طرف توجہ نہیں دی وہ صرف تھوڑی سی توجہ کر کے اپنے بچوں بچیوں کو اس طریقہ کے مطابق قرآن کریم کا ترجمہ سکھا سکتے ہیں۔ انہیں صرف یہ دیکھنا ہو گا کہ بچے روزانہ 15-10 منٹ اس کام کے لیے صرف کریں گے اور ناغہ نہیں کریں گے۔

تدریس: قرآن کریم میں تقریباً 80,000 الفاظ ہیں' مگر اصل الفاظ دو ہزار ہیں جو بار بار آنے کی وجہ سے اسی ہزار کی تعداد تک پہنچ جاتے ہیں۔ ان دو ہزار الفاظ میں بھی تقریباً پانچ سو (500) الفاظ وہ ہیں جو اردو میں بولے اور سمجھے جاتے ہیں۔ یہ بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کتابچہ ترجمہ قرآن میں دیے گئے ہیں۔ طلبہ و طالبات نے ان الفاظ کو یاد کرنا ہے۔ بہتر طریقہ تو یہ ہے کہ انہیں لکھ کر خوب ذہن نشین کر لیا جائے' ورنہ انہیں رٹ کر یاد کر لیا جائے۔ جب یہ الفاظ خوب یاد ہو جائیں تو بچے ''ترجمہ قرآن کریم'' پہلے پارہ سے شروع کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے حافظ نذر احمد صاحبؒ کا ترجمہ recommend کیا جاتا

ہے۔ترجمہ قرآن کریم' کورس کی تدریس' نصاب' طریقہ امتحان'تعلیمی استعداد اور کورس کے دورانیہ کے لیے پراسپکٹس کی طرف رجوع کریں۔ اس کورس کے اختتام پر کامیاب طلبہ و طالبات کو سند جاری کی جاتی ہے۔اس کورس کی فیس صرف 150 روپے رکھی گئی ہے۔اب تک اس کورس میں 1687 طلبہ وطالبات داخلہ لے چکے ہیں اور 150 طلبہ وطالبات کورس مکمل کر کے سند حاصل کر چکے ہیں۔

## ان کورسز کو متعارف کرانے کے لیے اقدام

2005-06ء کے دوران تمام کورسز کو بڑے پیمانہ پر متعارف کرانے کے لیے مندرجہ ذیل اقدام کیے گئے ہیں:

1- انجمن خدام القرآن اور تنظیم اسلامی کے اپنے ماہانہ جرائد حکمت قرآن' میثاق' اور ندائے خلافت' میں وقفہ وقفہ سے ان کورسز کے اشتہارات شائع کرائے گئے۔
2 ان کورسز کو پبلک میں متعارف کرانے کے لیے روزنامہ ''جنگ'' میں سال میں دو دفعہ اشتہارات دیے گئے۔
3- 120 رسائل و جرائد کے مدیروں کو اپنے جرائد میں شعبہ خط و کتابت کورسز کا اشتہار شائع کرنے سے متعلق خطوط ارسال کیے گئے۔
4۔ ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز نے اپنے احباب اور ہم خیال دوستوں کو ان کورسز سے متعارف کرانے کے لیے ذاتی خطوط بھی تحریر کیے۔
5۔ لاہور کی مندرجہ ذیل بڑی بڑی لائبریریوں کے انچارجز کو ان کورسز کے بارے میں خطوط لکھے گئے۔ان سے استدعا کی گئی کہ ان کورسز کے اشتہارات اپنی لائبریریوں کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کیے جائیں۔انہیں اشتہارات' کورسز کے پراسپکٹس اور داخلہ فارمز بھی بھجوائے گئے:

(ا) پنجاب پبلک لائبریری (ب) پنجاب یونیورسٹی لائبریری' لاہور
(ج) دارالسلام لائبریری باغ جناح' لاہور (د) قرآن محل' پنجاب پبلک لائبریری' لاہور
(ھ) قائداعظم لائبریری' باغ جناح' لاہور (و) گورنمنٹ ماڈل ٹاؤن لائبریری' لاہور

6۔ ماڈل ٹاؤن کی مسجدوں میں ماہ رمضان میں شعبہ خط و کتابت کورسز کے اشتہارات نوٹس بورڈوں پر آویزاں کیے گئے تاکہ پبلک اور طلبہ ان کورسز سے متعارف ہو کر مستفید ہوسکیں۔
7۔ ماہِ رمضان کے آخری عشرہ میں جامع القرآن قرآن اکیڈمی' لاہور میں بعد نماز عصر معتکفین حضرات کو ایک لیکچر کے ذریعہ ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز نے شعبہ کے کورسز کے بارے میں معلومات بہم پہنچائیں۔کورسز کے پراسپکٹس اور داخلہ فارم بھی تقسیم کیے گئے۔

© rasailojaraid.com

8۔ تنظیم اسلامی پاکستان کے تمام امراء و ناظمین حلقہ جات کو خطوط ارسال کیے گئے کہ وہ اپنے حلقہ جات میں ان کورسز کو متعارف کروائیں۔ اس ضمن میں انہیں کورسز کے پراسپیکٹس اور اشتہار بھی بھجوائے گئے۔ تنظیم اسلامی حلقہ خواتین کو بھی اسی طرح کے خطوط ارسال کیے گئے۔

9۔ 24-5-2006 کو قرآن اکیڈمی میں ناظم شعبہ نے رجوع الی القرآن کورس کے طلبہ / طالبات کو ایک لیکچر کے ذریعہ شعبہ کے کورسز کا تعارف کرایا۔ پراسپیکٹس اور داخلہ فارمز بھی تقسیم کیے گئے۔

10۔ شعبہ خط و کتابت کورسز کے اشتہارات پنجاب یونیورسٹی کے تمام شعبہ جات' ہاسٹلز اور جامع مسجد کے نوٹس بورڈز پر آویزاں کیے گئے۔

## موازنہ

| | (جولائی 2004ء تا جون 2005ء) | (جولائی 2005ء تا جون 2006ء) |
|---|---|---|
| **1۔ قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی کورس** | | |
| (ا) دورانِ سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 94 | 74 |
| (ب) دورانِ سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 09 | 08 |
| **2۔ عربی گرامر کورس (حصہ اول)** | | |
| (ا) دورانِ سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 142 | 127 |
| (ب) دورانِ سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 15 | 23 |
| **3۔ عربی گرامر کورس (حصہ دوم)** | | |
| (ا) دورانِ سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 17 | 25 |
| (ب) دورانِ سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 09 | 13 |
| **4۔ عربی گرامر کورس (حصہ سوم)** | | |
| (ا) دورانِ سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 07 | 13 |
| (ب) دورانِ سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 07 | 07 |
| **5۔ ترجمۂ قرآن کریم کورس** | | |
| (ا) دورانِ سال داخلہ لینے والوں کی تعداد | 212 | 211 |
| (ب) دورانِ سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد | 14 | 20 |

com

# شعبہ سمع و بصر

## معمول کی سرگرمیاں

الحمد للہ گزشتہ کئی برسوں سے شعبہ سمع و بصر اپنی ذمہ داریاں بخوبی انجام دے رہا ہے۔ گزشتہ سال کے دوران بھی اس شعبہ میں حسب معمول انتہائی اہم امور سرانجام دیے گئے جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

ا) گزشتہ سال کے دوران درج ذیل کی تعداد میں آڈیو/ویڈیو کیسٹس اور سی ڈیز تیار کر کے مکتبہ کو فروخت کے لیے دی گئیں:

آڈیو کیسٹس: 17,771

ویڈیو کیسٹس: 403

سی ڈیز اور ویڈیو سی ڈیز: 152,297

ڈی وی ڈیز: 39,567

ذیل میں گزشتہ 5 سال کی مجموعی تعداد کا ایک تقابلی جائزہ پیش کیا جا رہا ہے:

| | 2001-02 | 2002-03 | 2003-04 | 2004-05 | 2005-06 |
|---|---|---|---|---|---|
| آڈیو کیسٹس | 21,605 | 20,500 | 24,046 | 36,146 | 17,771 |
| ویڈیو کیسٹس | 3,450 | 1,450 | 2,605 | 2,233 | 403 |
| سی ڈیز | 10,822 | 28,476 | 75,026 | 160,928 | 152,297 |
| ڈی وی ڈیز | -- | -- | -- | 19,990 | 39,567 |

ب) اتوار کے دن محترم صدر مؤسس کے درس قرآن کی ڈیجیٹل ریکارڈنگز کی جا رہی ہیں۔ درس قرآن میں جو آیات تلاوت کی جا رہی ہوتی ہیں ان کو ملٹی میڈیا پروجیکٹر پر دکھانے کا انتظام کیا گیا۔ لیکن دوران سال ستمبر کے مہینے میں محترم ڈاکٹر صاحب کی کمر کے آپریشن کے باعث درس کا یہ سلسلہ رک گیا تھا۔ اس کے بعد آپ کے فرزند ڈاکٹر عارف رشید صاحب نے درس قرآن کی ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ ڈاکٹر عارف رشید صاحب کے درس قرآن کی بھی باقاعدگی کے ساتھ ڈیجیٹل ریکارڈنگ کی جا رہی

© rasailojaraid

ہے۔ان شاء اللہ یہ پروگرام بھی جلد ہی ایڈیٹنگ کے مرحلے سے گزرنے کے بعد چینلز پر آن ایئر ہو جائے گا۔

ج) انٹرنیٹ پر حسب معمول تنظیم کی سائیٹ www.tanzeem.org کو باقاعدگی سے update کیا جاتا رہا اور خطاباتِ جمعہ' ندائے خلافت' حکمت قرآن' میثاق اور عابد اللہ جان کے مضامین باقاعدگی سے upload کیے جاتے رہے ہیں۔شعبہ سمع و بصر کے تحت تمام e-mails کی وصولی اور ان کی متعلقہ شعبہ کو ترسیل کی گئی اور ان کے جوابات باقاعدگی سے ارسال کیے گئے۔

د) مرکزی انجمن خدام القرآن' لاہور اور تنظیم اسلامی پاکستان کے زیر انتظام ہونے والے تمام پروگراموں کی آڈیو/ویڈیو ریکارڈنگ اور ساؤنڈ سسٹم کی ذمہ داریاں شعبہ سمع و بصر شروع سے ہی سنبھال رہا ہے۔ہمیشہ کی طرح اس سال بھی شعبہ نے یہ ذمہ داریاں بخوبی ادا کی ہیں۔اس دوران درج ذیل پروگراموں کی ریکارڈنگز کی گئیں۔

i) اجتماع ذمہ داران: تنظیم اسلامی' پاکستان

ii) اسلام اور ایمان میں فرق

iii) عالم اسلام پر دجالیت کا آخری حملہ

iv) نصاب تعلیم میں مبینہ روشن خیالی کا پیوند

## خصوصی سرگرمیاں

دوران سال درج ذیل امور سرانجام دیے گئے۔

### 1) نئے دفتر میں منتقلی

شعبہ سمع و بصر کے بڑھتے ہوئے کام اور جگہ کی تنگی کے باعث مرکزی انجمن خدام القرآن کی انتظامیہ نے شعبہ سمع و بصر کو K-433 ماڈل ٹاؤن میں منتقل کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔اس سلسلے میں گزشتہ سال سے کام کا آغاز ہو چکا تھا۔الحمد للہ اس وقت شعبہ یہاں پر مکمل طور پر منتقل ہو چکا ہے اور کام کا آغاز ہو گیا ہے۔

### 2) بیان القرآن MP3 عید گفٹ

گزشتہ سال کی طرح امسال بھی ناظم شعبہ سمع و بصر نے رمضان المبارک کے دوران

بیان القرآن MP3 سی ڈیز کو ایک رعایتی پراجیکٹ کے طور پر چلانے کا فیصلہ کیا تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے مستفید ہو سکیں۔ اس سلسلے میں رمضان المبارک کے آغاز سے پہلے ہی اس پر کام شروع کر دیا گیا۔ اس پراجیکٹ کے سلسلے میں ہمیں لوگوں کا کافی تعاون حاصل رہا' جس کے باعث ہم یہ کام سرانجام دے سکے۔ بیان القرآن پراجیکٹ کے بڑے بڑے بل بورڈز شہر میں 5 مختلف مقامات پر آویزاں کیے گئے تھے' جس کے لیے ہمیں AddSell کمپنی کا خصوصی تعاون حاصل تھا۔ اس پراجیکٹ میں ہم نے 50,000 سی ڈیز (25,000 سیٹس) تیار کیں۔ ناظم شعبہ سمع و بصر اور ان کے اسٹاف کی شبانہ روز انتھک محنت کے باعث یہ پراجیکٹ بحسن وخوبی تکمیل تک پہنچ سکا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ تمام لوگوں کی محنت کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔

## 3) K چینل

ہم قرآن اکیڈمی' لاہور سے K چینل کے نام سے لاہور کی سطح پر ایک چینل چلا رہے ہیں۔ یہاں K سے مراد Knowledge ہے۔ اس چینل پر باقاعدہ نشریات کا آغاز ہو چکا ہے۔ اس میں ہم صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد' ڈاکٹر ذاکر نائک' احمد دیدات اور دیگر مقررین کی تقاریر چلا رہے ہیں۔ اسی طرح نمازوں کے اوقات میں باقاعدہ اذان کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔ خطاب جمعہ کو بھی جامع القرآن سے live براڈ کاسٹ کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اسی طرح جامع القرآن قرآن اکیڈمی میں منعقد ہونے والے دورۂ ترجمہ قرآن کو بھی اس چینل پر دکھانے کا خصوصی طور پر اہتمام کیا گیا تھا۔ لوگوں کی جانب سے اس کو خصوصی طور بہت پسند کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ہمیں درج ذیل کیبل کمپنیوں کا تعاون حاصل ہے۔

i) NBC کیبل کمپنی　　　ii) سحر کیبل کمپنی

## 4) سیٹلائیٹ چینلز کی معاونت

i) ARY Digital کے زیر انتظام چلنے والے ایک چینل Qtv پر صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے حالیہ منتخب نصاب کے دروس کو باقاعدگی سے دکھایا جاتا رہا۔ بحمداللہ یہ دروس عوام الناس میں بہت مقبول ہوئے ہیں' اس کا اندازہ ہمیں e-mails سے بخوبی ہوتا ہے۔ ان تمام دروس کی ریکارڈنگ کے فرائض شعبہ سمع و بصر ادا کر رہا ہے اور ARY کو ان دروس کی ایڈٹ شدہ ڈیجیٹل کیسٹس فراہم کر رہا ہے۔ اسی طرح ARY کو بیان القرآن کی نئی ایڈٹ شدہ DV کیسٹس فراہم کی گئیں

© rasailojaraid.

جنہیں رمضان المبارک اور اس کے بعد Qtv پر باقاعدگی سے دکھایا گیا۔اسی طرح Qtv کی طرف سے یہ ڈیمانڈ آئی تھی کہ صدر مؤسس کے دورۂ ترجمہ قرآن کو آدھے آدھے گھنٹے کے پروگرامز میں کر دیا جائے۔اس پر کام مکمل ہو چکا ہے اور انہیں یہ کیسٹس مہیا کر دی گئی ہیں۔

ii) امیر تنظیم اسلامی‘ ڈائریکٹر اکیڈمی محترم جناب حافظ عاکف سعید صاحب کے دورۂ ترجمہ قرآن 2003ء کی ایڈیٹنگ کا کام مکمل ہو چکا ہے۔اور یہ پورا پروگرام Qtv پر آن ایئر ہو چکا ہے۔

iii) Prime TV جو کہ خصوصاً یورپ میں اپنی نشریات پیش کر رہا ہے، نے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد کے بیان القرآن اور منتخب نصاب کو براڈ کاسٹ کرنا شروع کیا ہے۔اس چینل کو بھی شعبہ پروگرام فراہم کر رہا ہے۔صدر مؤسس کی تقاریر عظمت مصطفیٰ ﷺ‘ سیرت النبی ﷺ اور قائداعظم اور علامہ اقبال کا نظریہ پاکستان کی ریکارڈنگز بھی مہیا کی گئی ہیں جنہیں جلد ہی براڈ کاسٹ کر دیا جائے گا۔ای میلز اور ٹیلی فون کے ذریعہ اس بات کا اندازہ ہو رہا ہے کہ یورپ میں ان پروگرامز کو کافی شوق سے دیکھا جا رہا ہے۔

iv) ڈاکٹر ذاکر نائک صاحب اپنا ایک سیٹلائیٹ چینل Peace Tv کے نام سے شروع کر چکے ہیں‘ جس کے لیے انہوں نے صدر مؤسس کی ریکارڈنگز مانگی تھیں۔انہیں بیان القرآن اور منتخب نصاب کی DV کیسٹس کاپی کر کے ارسال کر دی گئی ہیں اور یہ پروگرام ان کے چینل پر چل رہے ہیں۔

## 5) خلاصہ مضامین قرآن

صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے 1999ء میں قرآن حکیم کی سورتوں کے مضامین کا خلاصہ رمضان کی راتوں میں تراویح کے دوران بیان فرمایا تھا۔اس کی ایڈیٹنگ کا کام تقریباً مکمل ہو چکا ہے اور اور جلد ہی اس کی DVDs اور سی ڈیز تیار ہو جائیں گی۔ان شاءاللہ!

## 6) دورۂ ترجمۂ قرآن 2003ء

امیر تنظیم اسلامی محترم حافظ عاکف سعید صاحب نے 2003ء میں قرآن حکیم کا ترجمہ اور مختصر تشریح بیان فرمائی تھی۔اس پروگرام کی ایڈیٹنگ مکمل ہو چکی ہے اور اس کی

DVDs تیار کر لی گئی ہیں۔ یہ پروگرام 19DVDs میں تیار ہوا ہے۔ یہ پروگرام Qtv پر آن ایئر ہو چکا ہے۔

## 7) دورۂ ترجمہ قرآن پنجابی

ناظم دعوت تنظیم اسلامی جناب چوہدری رحمت اللہ بٹر صاحب نے قرآن اسٹوڈیو میں قرآن حکیم کا ترجمہ اور تشریح پنجابی زبان میں ریکارڈنگ کروائی ہے۔ یہ پروگرام آدھے آدھے گھنٹے کی صورت میں ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اس پروگرام کی ایڈیٹنگ کا آغاز ہو چکا ہے اور امید ہے کہ ان شاء اللہ جلد ہی یہ پروگرام مختلف چینلز پر onair ہو جائے گا۔

## 8) دورۂ ترجمہ قرآن LIVE

گزشتہ رمضان المبارک کی طرح اس سال بھی قرآن اکیڈمی‘ لاہور سے دورۂ ترجمہ قرآن کو live براڈ کاسٹ کرنے کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اس سلسلے میں ہمیں خصوصی طور پر NBC کیبل کمپنی کا تعاون حاصل ہے جنہوں نے ہمیں اپنا ایک چینل 24 گھنٹے کے لیے دے رکھا ہے۔ سامعین کی ایک بہت بڑی تعداد اس سے مستفید ہوتی رہی اور اس کوشش کو بہت سراہا گیا۔ اس سال دورۂ ترجمہ قرآن کی سعادت حافظ عاطف وحید صاحب نے حاصل کی تھی۔ اس پورے پروگرام کی ڈیجیٹل ریکارڈنگ کی گئی تاکہ اس کی ایڈیٹنگ کر کے چینلز کو فراہم کیا جائے۔

## 9) نئی سی ڈیز / DVDs کی تیاری

دوران سال درج ذیل نئی سی ڈیز اور DVDs تیار کی گئی ہیں‘ جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

i) خطاب جمعہ۔ والیم VII
ii) خطاب جمعہ۔ والیم VIII
iii) تکمیل نبوت و رسالت
iv) دورۂ ترجمہ قرآن 2003ء
v) عالم اسلام پر دجالیت کا آخری حملہ
vi) امت مسلمہ پر عذاب کے سائے
vii) جرائد 2005ء
viii) انسانیت کے اصل دشمن کون؟
ix) دور حاضر میں خلافت کا دستوری خاکہ
x) نظریۂ پاکستان
xi) پاک بھارت تعلقات
xii) اسلام اور ایمان میں فرق

© rasailojaraid.com

xiii) جدید اسلامی ریاست میں ٹیکسوں کا نظام
xiv) کیا پاکستان کے خاتمے کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے؟
xv) تشریح سورۃ الرحمٰن
xvi) تشریح سورۃ الذاریات
xvii) تشریح سورۃ القمر
xviii) تشریح سورۃ النجم
xix) تشریح سورۃ ق
xx) تشریح سورۃ الطور
Iman(xxi
Nifaq(xxii
Shirk(xxiii
Jihad(xxiv

## 10) نئی ویب سائیٹ

اس سال کے آغاز میں تنظیم کی ویب سائیٹ www.tanzeem.org کی re-designing اور re-structuring کے کام کا آغاز کیا گیا تھا۔ الحمد للہ نئی ویب سائیٹ upload کر دی گئی ہے۔ یہ ویب سائیٹ تیزی سے download ہوتی ہے اور پہلے سے بہت بہتر ہے۔ اس ویب سائیٹ میں مرکزی انجمن خدام القرآن کے تحت چھپنے والی کتب اور تنظیم اسلامی کی طرف سے مہیا کردہ دعوتی لٹریچر بھی موجود ہے۔

## 11) جاری پراجیکٹ

i) صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے بے شمار پروگرام جو کہ اس وقت VHS پر موجود ہیں ان کی DVDs/VCDs تیار کی جارہی ہیں' تاکہ وہ اب جدید تقاضوں کے مطابق لوگوں کے کمپیوٹرز اور DVD پلیئرز پر چل سکیں۔

ii) تنظیم کی سائیٹ پر مرکزی انجمن خدام القرآن اور تنظیم اسلامی پاکستان کی جانب سے تیار کردہ کافی کتب upload کی گئی ہیں۔ مزید پر کام جاری ہے۔ امید ہے کہ ہم جلد ہی تمام کتابوں کو upload کر دیں گے۔ اِن شاءاللہ!

iii) اس وقت ہمارے پاس بہت سی ایسی VCDs موجود ہیں جن کی آڈیو سی ڈیز تیار نہیں کی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں کام کا آغاز کر دیا گیا ہے اور تمام وہ ٹائیٹلز جو کہ صرف VCDs میں موجود ہیں ان کی آڈیو سی ڈیز تیار کی جارہی ہیں۔

❁❁❁

om

# قرآن کالج لاہور

## 1) نئے داخلے

کالج میں ایف اے' ایف اے جنرل سائنس' آئی کام اور آئی سی ایس کے داخلے اگست 2005ء میں شروع ہوئے اور ستمبر میں مکمل ہوئے۔ ان کلاسوں میں طلبہ کی تعداد 53 تھی۔ ان میں سے ایف اے آرٹس گروپ میں 16' ایف اے جنرل سائنس گروپ میں 07' آئی کام میں 25 اور آئی سی ایس میں 08 طلبہ داخل ہوئے۔

## 2) بورڈ کے نتائج

بورڈ کے امتحان منعقدہ مئی 2005ء میں کالج کی طرف سے 85 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی۔ کامرس گروپ کے ہونہار طالب علم نور الوری نے 816 نمبر لے کر کالج میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اس کے علاوہ کالج کے 7 طلبہ نے 700 سے زائد نمبر اور 10 طلبہ نے 600 سے اوپر نمبر حاصل کیے۔ ایف اے فائنل کا رزلٹ 87% رہا۔

## 3) بورڈ کے حالیہ امتحانات میں شرکت

بورڈ کے امتحان منعقدہ مئی 2006ء میں کالج کی طرف سے 81 طلبہ امتحان میں شریک ہوئے' جن میں 77 طلبہ ریگولر اور 4 پرائیویٹ تھے۔ ان میں سے ایف اے آرٹس سالِ اوّل 13' ایف اے آرٹس سال دوم 16' آئی کام سالِ اوّل 17' آئی کام سالِ دوم 14' ایف اے جنرل سائنس سالِ اوّل 05' ایف اے جنرل سائنس سال دوم 03' آئی سی ایس سالِ اوّل 04 اور آئی سی ایس سال دوم کے 05 طلبہ شریک ہوئے۔ پرائیویٹ طلبہ میں سے آئی کام سالِ اوّل کے 03 اور ایف اے آرٹس سال دوم کا 01 طالب علم شریک ہوا۔ بورڈ کی طرف سے نتائج کا اعلان اگلے سال کی رپورٹ میں شامل کیا جائے گا۔

## 4) سالانہ سپورٹس

یکم مارچ 2005ء کو سالانہ سپورٹس کا آغاز ہوا۔ کھیلوں کے باقاعدہ آغاز سے قبل پرنسپل صاحب نے تمام طلبہ سے مختصر خطاب کیا' جس میں پرنسپل صاحب نے بڑے اچھے انداز میں کھیلوں کی اہمیت کے بارے میں بتایا۔ یہ کھیلیں تقریباً ایک ہفتہ تک جاری رہیں۔ ان کھیلوں میں کرکٹ' فٹ بال' والی بال' ٹیبل ٹینس' رسہ کشی اور بیڈمنٹن کے علاوہ 200 میٹر کی

© rasailojaraid.

دوڑ بھی شامل تھی۔

## 5) تفریحی و مطالعاتی دورہ

کالج ہذا نے 22 ستمبر 2005ء کو تین روزہ تفریحی و مطالعاتی دورے کا اہتمام کیا جس کے لیے کاغان' ناران کا انتخاب کیا گیا۔ اس ٹور میں تقریباً 50 طلبہ اور 07 سٹاف ممبر شامل تھے۔ بیشتر طلبہ کا کسی پہاڑی مقام کا یہ پہلا ٹور تھا۔ تمام طلبہ اس وادی کے پر فضا اور حسین مناظر سے خوب لطف اندوز ہوئے۔

## 6) ماہانہ و دیگر امتحانات

کالج میں ہر کلاس کے ماہانہ و دیگر امتحانات باقاعدگی سے منعقد ہوئے اور طلبہ کی کارکردگی رپورٹ ہر ماہ والدین کو ارسال کی گئی۔

## 7) ٹیچرز ٹریننگ کورس

حسب معمول اساتذہ کو تربیت فراہم کرنے کی غرض سے اس سال بھی ایک ماہ دورانیہ کے ''Inservice Training'' کورس کا اہتمام کیا گیا۔ یہ کورس 15 مئی تا 15 جون 2006ء منعقد ہوا۔ اس کورس کا بنیادی مقصد اساتذہ کو ایسے معیاری طریقہ ہائے تدریس سے روشناس کرانا ہوتا ہے جنہیں وہ اپنے کلاس روم میں دورانِ تدریس استعمال کر کے بہترین نتائج حاصل کرسکیں۔ اس مقصد کے لیے تمام اساتذہ کو معیاری قسم کے کم از کم دو لیکچرز دینے کو کہا گیا۔ تمام اساتذہ نے اس میں بھرپور حصہ لیا اور بہترین لیکچرز تیار کیے۔ ہر لیکچر کے بعد سوال و جواب اور تنقید سے مزید سیکھنے اور معیار کو بہتر بنانے کے مواقع دیے گئے۔ اس کے علاوہ دینی رجحانات کو جلا دینے کے لیے تنظیم اسلامی کے نامور سکالرز جیسے حافظ عاکف سعید صاحب' ڈاکٹر غلام مرتضیٰ صاحب اور رحمت اللہ بٹر صاحب وغیرہ کو دینی موضوعات پر لیکچرز دینے کے لیے مدعو کیا گیا۔ ان حضرات نے بہت معیاری اور ایمان افروز لیکچرز دیے' جن میں تنظیم اسلامی کے اغراض و مقاصد کو بھی عمدہ انداز میں واضح کیا گیا اور اس تناظر میں کالج کے وسیع تر رول کو بھی اجاگر کرنے کی سعی کی گئی۔ ان لیکچرز کے علاوہ ڈاکٹر اسرار احمد صاحب اور ڈاکٹر ذاکر نائیک کے دروس وخطابات کی ویڈیو سی ڈیز بھی اساتذہ کو روزانہ کی بنیاد پر دکھائی گئیں۔ الغرض یہ کورس بہت مفید رہا۔

**موضوعات** : جن موضوعات پر ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی سی ڈیز دکھائی گئیں ان

کی تفصیل درج ذیل ہے:

1) نجات کی راہ

2) رسولِ انقلاب ﷺ کا طریق انقلاب

3) ختم نبوت اور تکمیلِ رسالت

کورس کے اختتام پر اساتذہ کو سرٹیفکیٹ دیے گئے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم صدر مؤسس جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب تھے' جنہوں نے اساتذہ کو سرٹیفکیٹ بھی دیے۔

## 8) مقابلۂ حسنِ قراءت

15 را کتوبر 2005ء کو مقابلۂ حسن قراءت منعقد ہوا' جس میں 13 طلبہ نے حصہ لیا۔ اس پروگرام کے مہمان خصوصی ناظم کالج محترم عاکف سعید صاحب تھے۔ اس پروگرام میں پہلی پوزیشن بی اے کے سہیل اشفاق نے حاصل کی۔ دوسری پوزیشن ایف اے کے حنین عاکف نے اور تیسری پوزیشن ایف اے ہی کے محمد عثمان نے حاصل کی۔

## 9) مقابلۂ اذان

22 را کتوبر کو کالج میں مقابلۂ اذان منعقد ہوا۔ اس مقابلہ میں 10 طلبہ نے حصہ لیا۔ اس پروگرام کی صدارت پرنسپل قرآن کالج جناب محمد طارق مسعود نے فرمائی۔ اس پروگرام میں پہلی پوزیشن بی اے کے سہیل اشفاق نے حاصل کی جبکہ دوسری پوزیشن ایف اے کے حنین عاکف نے اور تیسری پوزیشن ایف اے ہی کے حافظ محمد متین ضیاء نے حاصل کی۔

## 10) رجسٹریشن و لاہور بورڈ سے الحاق

محکمہ تعلیم پنجاب سے کالج کی رجسٹریشن اور لاہور بورڈ سے Affiliation کئی سال قبل ہوئی تھی۔ محکمۂ تعلیم سے کالج کی رجسٹریشن 2008ء تک ہے' جبکہ بورڈ کے ساتھ Affiliation میں ہر سیشن کے بعد توسیع کروانا پڑتی ہے۔ اس سیشن کی توسیع کی درخواست منظور ہو چکی ہے۔

## 11) کالج لائبریری

قرآن کالج لائبریری میں اس وقت مختلف موضوعات پر کل 2442 کتب موجود ہیں۔ دوران سال 36 کتابوں کا اضافہ ہوا۔ یہ ساری کتب عطیہ کی صورت میں موصول ہوئیں۔

© rasailojaraid

# قرآن کالج ہاسٹل

## تعارف

قرآن کالج جیسے تعلیمی وتربیتی ادارے میں ہاسٹل کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔اس کالج کے طلبہ کی اکثریت ہاسٹل سے تعلق رکھتی ہے' جو ملک کے کونے کونے سے حصولِ علم کے ساتھ ساتھ تربیت کے حصول کے لیے یہاں داخلہ لیتی ہے۔قرآن کالج ہاسٹل نہ صرف ایک اقامتی ادارہ ہے' بلکہ یہاں اسلامی اصولوں کے تحت طلبہ کی تربیت کا بھی خصوصی انتظام و اہتمام ہوتا ہے اور یہی ہمارے ہاسٹل کی امتیازی شان ہے۔ جہاں تک سہولیات کا تعلق ہے تو اس لحاظ سے بھی ہمارا ہاسٹل جدید ترین ہاسٹلوں سے کسی لحاظ سے کم نہیں ہے۔ ہماری ہاسٹل انتظامیہ کا مرتب کردہ تربیتی نظام طلبہ کی زندگیوں پر گہرے' دیرپا اور دوررس اثرات مرتب کرتا ہے۔ ہاسٹل میں تقریباً 80 طلبہ کی رہائش کی گنجائش ہے' البتہ ہنگامی حالات میں اس گنجائش میں توسیع بھی کی جاسکتی ہے۔

## معمولاتِ ہاسٹل

ہاسٹل میں مقیم طلبہ نیز ہاسٹل کے ملازمین کو نماز پنجگانہ باجماعت کی پابندی کا لازماً اہتمام کرنا ہوتا ہے۔ چنانچہ نماز باجماعت میں ہاسٹل کے جملہ مقیمین کی حاضری یقینی بنانے کی غرض سے چند طلبہ پر مشتمل اقامت صلوٰۃ کے نام سے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو فجر کی اذان کے ساتھ ہی طلبہ کو جگاتی ہے۔وضو اور حوائج ضروریہ سے فراغت کے بعد مسجد میں نماز باجماعت کی ادائیگی کے بعد مسجد ہی میں اسسٹنٹ وارڈن محترم علاؤ الدین صاحب تمام طلبہ اور ملازمین کو قرآن مجید کے آخری پاروں میں سے بالترتیب اور تسلسل کے ساتھ تین چار آیات تجوید کے ساتھ پڑھانے کے بعد اس کا ترجمہ پڑھاتے ہیں۔سابقہ ڈی پی ای محترم زین العابدین کے استعفاء کی وجہ سے مارننگ پی ٹی ای اور انڈور گیمز کے پروگرام فی الحال تعطل کا شکار ہیں۔ نئے ڈی پی ای کی تعیناتی پر ہی یہ پروگرام شروع کیے جاسکیں گے۔ امید ہے کہ یہ تعیناتی جلد از جلد ہو جائے گی۔

کالج ٹائم شروع ہونے سے 45 منٹ قبل طلبہ کو ناشتہ دیا جاتا ہے اور بعد ازاں ہاسٹل وارڈن پورے ہاسٹل کا راؤنڈ لگا کر تمام طلبہ کو کالج بھیج دیتا ہے۔ظہر کی نماز اور کھانے سے

فارغ ہونے کے بعد عصر تک طلبہ فارغ ہوتے ہیں۔ اس دوران طلبہ مختلف مشاغل میں مصروف ہوتے ہیں جن میں مختلف اِنڈور گیمز بھی شامل ہیں۔ نمازِ عصر باجماعت ادا کرنے کے بعد مغرب تک طلبہ مختلف کھیلوں میں مصروف رہتے ہیں۔ مغرب کی نماز کے بعد عشاء کی اذان تک ہوم ورک کی کلاس کے لیے کالج دوبارہ کھول دیا جاتا ہے۔ نگرانی کے لیے ایک استاد (غفور احمد عوان) موجود ہوتے ہیں' جو نگرانی کے ساتھ ساتھ پڑھائی میں بھی طلبہ کی معاونت کرتے ہیں۔ نمازِ عشاء کی ادائیگی کے بعد کھانا ہوتا ہے' کھانے کے بعد طلبہ کو آدھ گھنٹے کے لیے واک کی اجازت ہوتی ہے۔ بعد ازاں گیٹ بند کر کے تمام طلبہ کلاس روم میں دوبارہ جمع ہو جاتے ہیں اور اسسٹنٹ وارڈن صاحب نماز' روزہ وغیرہ ارکان کی اہمیت پر مشتمل احادیث کا درس دیتے ہیں جس کا دورانیہ 10 سے 15 منٹ ہے۔ بعد ازاں طلبہ اپنے اپنے کمروں میں مطالعہ کرتے ہیں اور ٹھیک رات گیارہ بجے ہاسٹل کی لائٹیں بند کر دی جاتی ہیں۔ اگر کسی طالب علم نے اس کے بعد بھی پڑھنا ہو تو بجائے اپنے کمرے کے' کامن روم میں بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے۔

یہ رپورٹ میس کا تذکرہ کیے بغیر میرے خیال میں نامکمل ہو گی' اس لیے کہ ہاسٹل کے مختلف عناصر میں سے اس کو ایک اہم ترین عنصر کی حیثیت حاصل ہے۔ چنانچہ ہم نے طلبہ کو متوازن اور ان کا پسندیدہ کھانا مہیا کرنے کی غرض سے مختلف کلاسوں کے طلبہ پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی ہے جس کا کام اپنا پسندیدہ مینو مرتب کر کے ہاسٹل وارڈن کے حوالے کرنا ہوتا ہے۔ مینو کا ہر پہلو سے جائزہ لینے کے بعد بازار سے تھوک کے حساب سے سودا خریدنے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ سودے کی خریداری اور حاضری سسٹم کا جائزہ اور اس کی نگرانی کا کام ہاسٹل وارڈن کرتا ہے۔ اس کڑی نگرانی کا نتیجہ یہ ہے کہ اس ہوشربا گرانی کے دور میں بھی طلبہ کے پسندیدہ اور منتخب کردہ مینو کے مطابق تینوں ٹائم معیاری کھانے کے ماہوار چارجز فی کس 1000 سے زیادہ نہیں ہوتے۔

کالج و ہاسٹل کی صفائی پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ چنانچہ ہاسٹل میں رہائشی گملے اور قرآنی دعاؤں پر مشتمل مختلف سائز کے فریم اور سینریز مختلف جگہوں پر آویزاں کر دی گئی ہیں۔

ہاسٹل میں کامن روم بھی ہمارے ہاسٹل کا ایک اہم حصہ ہے' جہاں طلبہ کے مطالعاتی ذوق کی تسکین کے لیے مختلف رسائل و جرائد کا انتظام ہوتا ہے۔ ہاسٹل میں مانیٹرنگ سسٹم کا

© rasailojaraid.

بھی انتظام ہے تا کہ طلبہ اپنے معاملات خود حل کرنے کی عادت ڈالیں۔ اس کے لیے مندرجہ ذیل پراکٹوریل سسٹم بنایا گیا ہے:

(۱) صلوٰۃ کمیٹی (۲) میس کمیٹی (۳) ڈسپلن کمیٹی (۴) کامن روم واخبار کمیٹی

ہاسٹل میں ہفتہ میں ایک دن بروز جمعرات رات گیٹ بند ہونے کے بعد بزمِ ادب کا پروگرام ہوتا ہے' جس میں تلاوتِ قرآن پاک' حمد باری تعالیٰ' نعت رسول ﷺ' کلامِ اقبال' درس قرآن اور تقاریر وغیرہ کا مقابلہ کرایا جاتا ہے۔ گاہے بگاہے شعر و شاعری کا پروگرام بھی منعقد ہوتا ہے۔

اتوار کے دن آڈیٹوریم میں درس قرآن مجید ہوتا ہے جس میں تمام طلبہ کی شرکت یقینی بنائی جاتی ہے۔ مزید برآں ہاسٹل میں بھی قرآن مجید کا پندرہ روزہ درس ہوتا ہے۔ اس سال رمضان المبارک میں طلبہ کو باجماعت نماز تراویح پڑھانے کا انتظام قرآن آڈیٹوریم میں کیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ وارڈن محترم علاؤ الدین صاحب ہر چار رکعت کے بعد تلاوت شدہ قرآنی آیات کا خلاصہ بیان کریں گے۔ اس پروگرام میں ایف اے سال اول اور بی اے سال اول کے ان طلبہ کی شرکت لازمی قرار دی گئی ہے جنہوں نے ایف اے سال دوم کا امتحان قرآن کالج کے علاوہ کسی اور کالج سے پاس کیا ہو' جبکہ سیکنڈ ایئر اور بی اے فائنل کے طلبہ کو یہ رعایت دی گئی ہے کہ وہ اگر چاہیں تو قرآن اکیڈمی میں بھی تراویح پڑھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کہیں اور یا کسی اور مسجد میں جا کر تراویح پڑھنے کی اجازت ہرگز نہیں ہو گی۔ جو طلبہ قرآن اکیڈمی میں تراویح پڑھنے جائیں گے' ان کی نگرانی کے لیے انہی میں سے کچھ طلبہ کی ڈیوٹی لگائی جائے گی جو ہاسٹل وارڈن کو روزانہ رپورٹ دینے کے پابند ہوں گے۔

## عمارت

ہاسٹل میں 14 عدد بڑے اور 12 عدد چھوٹے کمرے ہیں۔ بڑے کمروں میں 4 طلبہ کو اور چھوٹے کمروں میں 2 لڑکوں کو رہائش دی جاتی ہے' لیکن اس سال طلبہ کی کثرت کی وجہ سے بڑے کمروں میں 4 طلبہ کے بجائے 6 طلبہ کو ٹھہرایا گیا ہے۔ بڑے کمروں میں سے ایک کمرے کو کامن روم اور ایک کمرے کو سپورٹس روم بنایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ایک کمرے کو مہمان خانہ بھی بنایا گیا ہے تا کہ وقتاً فوقتاً طلبہ اور ملازمین کے آنے والے عزیزوں کے

ٹھہرانے میں کسی قسم کی پریشانی نہ ہو۔اس مقصد کے لیے 4 عدد بیڈ مع بستر کا بھی بندوبست کیا گیا ہے۔ابھی حال ہی میں اس کو رنگ و روغن بھی کیا گیا ہے۔چھوٹے کمروں میں ایک کمرہ ہاسٹل وارڈن' ایک لائبریرین اور ایک معاشیات کے استاد غفور احمد اعوان کے زیر استعمال ہے' باقی کمرے طلبہ کے زیر استعمال ہیں۔

## اخراجات ہاسٹل

ہاسٹل میں رہائش کے خواہش مند طلبہ کو مندرجہ ذیل اخراجات ادا کرنا ہوتے ہیں۔

ڈارمیٹری (فور سیٹر):

کرایہ 350' یوٹیلیٹی چارجز 200 ٹوٹل 550

بائی سیٹر: اس میں دو طلبہ کو ٹھہرایا جاتا ہے۔اس کا فی کس کرایہ 500 جبکہ یوٹیلیٹی چارجز 200 روپے ہیں۔اس طرح طالب علم کو اس کمرے میں رہائش کے عوض 700 روپے ادا کرنے ہوتے ہیں۔

مزید برآں ہاسٹل میں داخلہ لیتے وقت ہر طالب علم سے 1500 روپے بطور میس ایڈوانس حاصل کیے جاتے ہیں جو کہ قابل واپسی ہوتے ہیں۔کھانے کے اخراجات حاضری سسٹم کی بنیاد پر وصول کیے جاتے ہیں۔علاوہ ازیں ہر طالب علم سے ہاسٹل سیکورٹی کی مد میں 250 روپے وصول کیے جاتے ہیں اور وہ بھی قابل واپسی ہوتے ہیں۔

## ہاسٹل سٹاف:

اس وقت ہاسٹل میں درج ذیل سٹاف ہمہ وقت فرائض انجام دے رہا ہے۔

(1) ناظم (2) وارڈن (3) اسسٹنٹ وارڈن (4) ہاسٹل اینڈ میس کلرک (5) باورچی' دو (6) خاکروب' ایک (7) چوکیدار/ قاصد' تین (8) مالی' ایک۔

قرآن حکیم کی مقدس آیات اور احادیث آپ کی دینی معلومات میں اضافے اور تبلیغ کے لئے شائع کی جاتی ہیں۔ان کا احترام آپ پر فرض ہے۔لہٰذا جن صفحات پر یہ آیات و احادیث درج ہیں ان کو صحیح اسلامی طریقے کے مطابق بے حرمتی سے محفوظ رکھیں۔

© rasailojaraid.c

# شعبۂ خواتین

## حلقہ خواتین کا دینی و تربیتی کورس

یہ کورس ہر سال گرمیوں کی چھٹیوں میں طالبات اور خواتین کے لیے منعقد کیا جاتا ہے اور 1995ء سے باقاعدگی سے جاری ہے۔ اس سال بھی 15 جون تا 30 جولائی یہ کورس کروایا گیا جس میں تقریباً 58 طالبات اور خواتین نے شرکت کی اور 35 نے کورس مکمل کیا۔

نصاب میں درج ذیل مضامین شامل تھے: تجوید اور لحن جلی کے قواعد' ابتدائی عربی گرامر' مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب' احادیث نبویہ ؐ' ارکانِ اسلام' نیز مختلف دینی موضوعات پر ہفتہ وار لیکچرز۔ اس کے علاوہ میت کے غسل اور تجہیز و تکفین سے متعلق لیکچر بھی نصاب میں شامل ہے' اور یہ عملی طور پر کر کے دکھایا بھی جاتا ہے۔

تمام اساتذہ نے انتہائی محنت و خلوص کے ساتھ اپنی خدمات انجام دیں۔ کورس کے اختتام پر تقسیم اسناد کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں شریک طالبات اور اساتذہ نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اسے انتہائی مفید قرار دیا کہ یہ زندگیوں میں مثبت تبدیلی لاتا ہے اور اللہ کے احکامات پر عمل کرنے میں ممد و معاون ثابت ہوتا ہے۔ تقریب کے آخر میں ناظمہ تنظیم اسلامی حلقہ خواتین محترمہ بیگم ڈاکٹر اسرار احمد صاحبہ نے اسناد تقسیم کیں اور دعا پر تقریب کا اختتام ہوا۔ تقریب میں شریک طالبات کی تواضع کا بھی اہتمام کیا گیا۔

## خواتین کا ماہانہ اجتماع

ہر انگریزی ماہ کے پہلے ہفتہ کے دن یہ پروگرام باقاعدگی سے جاری ہے اور قرآن اکیڈمی کے خواتین ہال میں منعقد ہوتا ہے' جس میں درسِ قرآن اور درسِ حدیث کے علاوہ مختلف دینی موضوعات اور حالاتِ حاضرہ پر لیکچرز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اس سال علیحدہ سے استقبال رمضان کا کوئی بڑا پروگرام منعقد نہیں ہوا بلکہ ماہانہ اجتماع میں ہی رمضان المبارک کے استقبال سے متعلق مختلف گوشوں پر خواتین کی تقاریر ہوئیں۔

## ترجمۂ قرآن اور تجوید کی کلاس

قرآن اکیڈمی میں یہ کلاسز ہفتے میں دو دن پیر اور منگل کو بعد نماز عصر ہوتی ہیں۔ ترجمۂ قرآن اور تجوید کے ساتھ ساتھ عربی گرامر اور منتخب نصاب کی کلاسیں بھی ہوتی ہیں' جن میں خواتین اور بچیوں کی کافی تعداد شریک ہوتی ہے۔

# دورۂ ترجمۂ قرآن و جامع القرآن

قرآن اکیڈمی کی جامع مسجد کا نام جامع القرآن ہے۔ محترم صدر مؤسس مرکزی انجمن جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے 1984ء (1404ھ) میں ایک نہایت اہم فیصلہ کیا تھا کہ رمضان المبارک کی راتوں میں نمازِ تراویح کے ساتھ ساتھ اس میں پڑھے جانے والے قرآن کا ترجمہ اور مختصر تشریح بھی بیان کی جائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس میں 1984ء سے اب تک اس مسجد میں جاری ہے۔ دورۂ ترجمۂ قرآن تحریک رجوع الی القرآن کا ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا ہے۔ لوگوں میں اس سلسلہ کو بہت پذیرائی حاصل ہوئی ہے اور ہمارے علاوہ بہت سے دوسرے حضرات نے بھی اس سلسلہ کو اپنا لیا ہے۔ رمضان المبارک 1426ھ کے دوران دورۂ ترجمہ قرآن کی ذمہ داری محترم صدر مؤسس کے صاحبزادے جناب عاطف وحید صاحب نے نہایت خوش اسلوبی سے ادا کی۔ اس پورے پروگرام کی ڈیجیٹل ریکارڈنگ کی گئی۔ نیز اسے بذریعہ کیبل براہِ راست نشر کیا گیا۔ پہلے دن افتتاحی خطاب محترم ڈاکٹر صاحب نے تعارفِ قرآن اور سورۂ فاتحہ کے موضوع پر کیا۔ دورۂ ترجمہ قرآن کے دوران مرد و خواتین کی ایک بڑی تعداد نے اس سے استفادہ کیا' جبکہ آخری عشرے میں یہ تعداد تقریباً 450 افراد اور 100 خواتین تک جا پہنچی۔ اس کے علاوہ لاہور میں آٹھ دس مقامات پر تراویح کے ساتھ یا دن میں دورۂ ترجمہ قرآن کا پروگرام منعقد ہوا۔ جامع القرآن میں اس دفعہ قریباً 80 افراد نے اعتکاف کی سعادت حاصل کی۔ معتکف حضرات کو انجمن اور تنظیم کا لٹریچر مطالعہ کے لیے مہیا کیا گیا۔

جامع القرآن میں خطابِ جمعہ کی ذمہ داری ڈاکٹر عارف رشید صاحب ادا کرتے ہیں۔ اس سال کے دوران صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے ہر ماہ کے پہلے جمعہ کو خطاب کی ذمہ داری قبول فرمائی۔ لیکن ان کی کمر کے آپریشن کے باعث اس میں چند ماہ کا تعطل رہا۔ الحمد للہ صحت یابی کے بعد محترم صدر مؤسس ہر ماہ کے دوران ایک خطاب کی ذمہ داری ادا کر رہے ہیں۔ جمعہ کے اجتماعات میں لوگوں کی کثیر تعداد شریک ہوتی ہے۔ نمازِ فجر کے بعد ہفتہ میں تین دن درسِ قرآن اور تین دن درسِ حدیث کا پروگرام جاری رہا۔ شادی بیاہ کے ضمن میں اصلاحی تحریک کو اب کافی قبول عام حاصل ہو چکا ہے اور کافی تعداد میں محافل نکاح اس مسجد میں منعقد کی جا رہی ہیں۔ اس کے علاوہ مسجد میں ناظرہ کلاس اور حفاظ بچوں کی دہرائی کا بھی بندوبست ہے۔

© rasailojaraid.com

# صدر مؤسس کا ہفتہ وار درسِ قرآن

قرآن آڈیٹوریم میں صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد کا درسِ قرآن اتوار کے روز کافی عرصہ سے جاری ہے۔ ڈاکٹر صاحب کی بیرون شہر مصروفیات کی وجہ سے یہ درس قرآن ہر ماہ قریباً تین دفعہ منعقد ہوتا رہا ہے اور لوگوں کی ایک بڑی تعداد نہایت ذوق وشوق کے ساتھ اس سے استفادہ کرتی رہی ہے۔ مئی 2002ء سے سلسلہ وار درس قرآن کی بجائے دعوتی نقطۂ نگاہ سے مطالعہ قرآن حکیم کے منتخب نصاب کا درس شروع کیا گیا۔ اس ریکارڈنگ کو مختلف چینلز نشر کر رہے ہیں اور اس طرح یہ دعوت دنیا بھر میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد تک پہنچ رہی ہے۔ مطالعہ قرآن حکیم کے منتخب نصاب کے دروس کی تکمیل کے بعد دوبارہ سلسلہ وار درس قرآن کا تسلسل قائم کیا گیا۔ لیکن نومبر 2005ء میں محترم ڈاکٹر صاحب کی کمر کی شدید تکلیف اور اس کے آپریشن کے باعث درس قرآن کا سلسلہ تقریباً چار ماہ تک معطل رہا۔ بعد ازاں محترم ڈاکٹر صاحب نے یہ ذمہ داری ڈاکٹر عارف رشید صاحب کے سپرد کر دی۔ اب محترم صدر مؤسس ہر ماہ کے دوران ایک بار درسِ قرآن دیتے ہیں۔ سامعین کی دلچسپی اور ان کے اشکالات دور کرنے کے لیے درس کے بعد آدھ گھنٹہ سوال و جواب کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ قریباً 400 سے 500 حضرات اور 100 سے 150 خواتین اس پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں۔

# ایڈمن

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے شعبہ ایڈمن کے روزمرہ کے معاملات میں سٹاف کی نگرانی، ماہوار تنخواہوں کی بروقت تیاری، ڈاک کا باقاعدہ اندراج اور تقسیم، سٹاف کی حاضریوں اور چھٹیوں کا ریکارڈ رکھنا، مختلف نوع کے آفس آرڈرز، نوٹس اور میموز کا اجراء اور ریکارڈ مرتب کرنا، قرآن اکیڈمی ہاسٹل، میس اور مسجد کے انتظامات کی نگرانی، دروس و خطابات اور مختلف پروگرامز کے انتظامی معاملات کی نگرانی کرنا اور ارکان انجمن کے ساتھ رابطہ رکھنا شامل ہیں۔ دوران سال ایڈمن نے اپنی معمول کی ذمہ داریاں عمدگی سے ادا کیں۔ حسب ضرورت سرکاری دفاتر سے رابطے بھی جاری رہے۔

# اکاؤنٹس اور کیش سیکشن

شعبہ اکاؤنٹس اور کیش نے اپنی معمول کی ذمہ داریاں احسن طریقہ سے ادا کیں۔ سالانہ اکاؤنٹس بروقت تیار کیے گئے اور خارجی محاسب' رحمان سرفراز اینڈ کمپنی کو آڈٹ کے لیے پیش کیے گئے۔ خارجی محاسب کے طور پر رحمٰن سرفراز اینڈ کمپنی کی اعزازی خدمات مرکزی انجمن کو شروع ہی سے حاصل ہیں۔ یہ کمپنی مرکزی انجمن کے سالانہ اکاؤنٹس کو چیک کر کے آڈٹ رپورٹ مرتب کرتی ہے اور بعد ازاں ہمارے اکاؤنٹس کو (آڈٹ رپورٹ کے ہمراہ) CBR سے منظوری کے لیے محکمہ انکم ٹیکس میں submit کراتی ہے۔ مرکزی انجمن' کمپنی کی ان اعزازی خدمات کے لیے میر عبدالرحمٰن صاحب کی بے حد ممنون ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم میر صاحب کو بہترین اجر سے نوازے' آمین!

گزشتہ سال مرکزی انجمن کے چیف اکاؤنٹینٹ جناب محمد یونس صاحب نے فریضۂ حج کی ادائیگی کی سعادت کے بعد اپنی خدمات اعزازی طور پر مرکزی انجمن کے لیے وقف کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس سال کے دوران موصوف نے خرابیٔ صحت کی بنا پر مزید خدمات انجام دینے سے معذرت کر لی۔

مرکزی انجمن کو داخلی محاسب کے طور پر چوہدری رحمت اللہ بٹر صاحب کی اعزازی خدمات حاصل ہیں۔ محترم بٹر صاحب نہ صرف سال بھر اکاؤنٹس اور سٹاک رجسٹرز کو چیک کرتے ہیں' بلکہ ہر تین ماہ بعد کتب و کیسٹس کے سٹاک اور دیگر اثاثہ جات کو بھی چیک کرتے ہیں۔ مرکزی انجمن کی انتظامیہ موصوف کی ان خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم بٹر صاحب کو بہترین اجر عطا فرمائے۔ آمین!

محترم ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ کے مکمل دورۂ ترجمہ قرآن اور دروس و خطابات کے علاوہ تلاوتِ قرآن' کتب احادیث کے تراجم' میثاق' حکمت قرآن اور ندائے خلافت کے تازہ اور سابقہ شمارے' اردو و انگریزی کتب' کیسٹس' سی ڈیز اور مطبوعات کی مکمل فہرست ہماری ویب سائٹ www.tanzeem.org پر ملاحظہ کیجیے!

© rasailojaraid.com

# بیلنس شیٹ برائے سال 2005-2006ء

## Balance Sheet as on 30-06-2006

| Assets | | Liabilities | |
|---|---|---|---|
| مستقل اثاثہ جات و سرمایہ کاری | 49,846,516 | فکسڈ فنڈ موسسین، محسنین اور مستقل اراکین کی یکمشت ادائیگی | 3,704,000 |
| مکتبہ مرکزی انجمن | 6,016,387 | | |
| اسٹاک وسٹورز | 4,841 | فکسڈ اثاثہ جات فنڈ | 44,000,000 |
| پیشگی رقوم و دیگر واجب الوصول رقم | 254,745 | تعلیمی قرضہ فنڈ | 42,145 |
| | | دیگر فنڈ | 28,437 |
| | | سکیورٹی ڈیپازٹ | 136,625 |
| بینک میں موجودہ رقم | 1,541,296 | قابل ادائیگی اخراجات | 30,890 |
| امپریسٹ فنڈ | 70,000 | میزان کل آمدن منہا اخراجات 30/جون 2006ء | 9,791,688 |
| | 57,733,785 | | 57,733,785 |

# Income and Expenditure

## A/C for the year ended 30-06-2006

| آمدن | رقم | اخراجات | رقم |
|---|---|---|---|
| ماہانہ اعانت | 876,000 | قرآن کالج آف آرٹس اینڈ سائنس (اخراجات منہا آمدن) | 1,405,832 |
| خصوصی دیگر اعانت | 7,632,363 | ہاسٹل قرآن کالج (اخراجات منہا آمدن) | 125,491 |
| خط وکتابت و دیگر کورسز فیس | 306,145 | مکتبہ انجمن (اخراجات منہا آمدن) | 208,4331 |
| | | محاضرات قرآنی | 27,961 |
| دیگر آمدنی | 20,803,832 | نقد امداد | 622,850 |
| | | دعوت وتبلیغ پبلسٹی | 332,675 |
| | | مساجد | 727,713 |
| | | قرآن اکیڈمی ہاسٹل و میس | 413,012 |
| | | اسٹاف تنخواہ | 2,104,695 |
| | | ٹیلی فون فیکس، بجلی، پانی و گیس بل | 471,268 |
| | | آڈیٹوریم | 241,515 |
| | | اولڈ ایج بینیفٹ | 61,802 |
| | | مرمت اور مینٹیننس | 673,001 |
| | | خط وکتابت و دیگر کورسز | 309,336 |
| | | شعبہ تحقیق اسلامی و تربیت | 852,365 |
| | | لائبریری | 244,111 |
| | | گاڑیوں کے اخراجات | 210,029 |
| | | دیگر اخراجات | 402,863 |
| | | آمدنی منہا اخراجات | 18,307,490 |
| | 29,618,340 | | 29,618,340 |

© rasailojaraid.

## Shedule of Fixed Assets
## as at 30th June, 2006

| Total | Amount | Particulars of Land & Buildings |
|---|---|---|
| | 4,781,470 | قرآن اکیڈمی |
| | 10,956,607 | قرآن آڈیٹوریم و کالج مع ہاسٹل |
| | 679,401 | جامع مسجد و مکتب والٹن |
| | 179,974 | جامع مسجد الہدیٰ راولپنڈی |
| | 1,000,000 | لینڈ کوئٹہ |
| | 31,000 | لینڈ سرگودھا |
| | - | لینڈ شیخوپورہ |
| | 2,446,660 | جامع مسجد بنت کعبہ سمن آباد |
| 20,242, 612 | 167,500 | فلیٹ فردوس مارکیٹ |
| | | **Other Assets** |
| | 7,678,269 | قرآن اکیڈمی |
| | 130,896 | قرآن اکیڈمی ہاسٹل |
| | 4,750 | فلیٹ فردوس مارکیٹ |
| | 849,897 | قرآن کالج |
| | 431,924 | قرآن کالج ہاسٹل اینڈ میس |
| | 477,530 | قرآن آڈیٹوریم |
| 9,603,904 | 30,638 | جامع مسجد و مکتب والٹن |
| 29846,516 | | کل رقم = |

om

# منسلک انجمنوں کی کارکردگی کا جائزہ

## انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

## دعوت و تبلیغ

### 1) دورۂ ترجمۂ قرآن

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے تحت رمضان المبارک کی راتوں میں نمازِ تراویح کے ساتھ مکمل دورۂ ترجمۂ قرآن کا سلسلہ ایک منفرد اور اپنی مثال آپ کاوش ہے۔ الحمدللہ! کراچی میں یہ سلسلہ گزشتہ سولہ سال سے باقاعدگی سے جاری ہے اور اس سے استفادہ کرنے والے حضرات و خواتین کی تعداد میں سال بہ سال اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اس سال شہرِ کراچی میں جن 14 مقامات پر دورۂ ترجمۂ قرآن کے پروگرام منعقد ہوئے اِن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

| | مقام | مدرس |
|---|---|---|
| 1- | گلستان انیس کلب | حافظ عاکف سعید صاحب |
| 2- | قرآن اکیڈمی، ڈیفنس | شجاع الدین شیخ صاحب |
| 3- | شمیم گارڈن (یاسین آباد) | انجینئر نوید احمد صاحب |
| 4- | نوبل پوائنٹ، نارتھ ناظم آباد | عامر خان صاحب |
| 5- | فاران کلب، انٹرنیشنل | اعجاز لطیف صاحب |
| 6- | قرآن مرکز، کورنگی | محمد نعمان صاحب |
| 7- | بسم اللہ ہلز، گلستانِ جوہر | افتخار عالم صاحب |
| 8- | کہف ماڈل اسکول، ملیر | انجینئر نعمان اختر صاحب |
| 9- | قرآن سینٹر، ڈیفنس | فیصل منظور صاحب |

© rasailojaraid.com

| | | |
|---|---|---|
| -10 | قرآن مرکز' لانڈھی | عثمان کاظمی صاحب |
| -11 | دفتر تنظیم اسلامی' آرام باغ | ڈاکٹر محمد الیاس صاحب |
| -12 | قرآن مرکز' گلزارِ ہجری | محمد سلیم الدین صاحب |
| -13 | ناصر کالونی' کورنگی نمبر 1 | توحید خان/سراج احمد صاحبان |
| -14 | PIB لان' PIB کالونی | قاری طاہر عبداللہ صدیقی صاحب |

## 2) حلقہ ہائے دروسِ قرآن/خطابات

| مقام | دن / وقت |
|---|---|
| مسجد جامع القرآن' قرآن اکیڈمی ڈیفنس فیز VI | جمعرات بعد نمازِ عشاء |
| مسجد نبوی ہاؤسنگ اسکیم' عقب مڈایسٹ ہسپتال' کلفٹن | جمعرات بعد نمازِ عشاء |
| مکان M-1/1 'بلاک 6' PECHS | اتوار نمازِ فجر کے ایک گھنٹے بعد |
| جامع مسجد طیبہ' متصل قرآن مرکز کورنگی' سیکٹر 35-A | جمعرات بعد نمازِ عشاء |
| انگلش لیباریٹریز' PECHS سوسائٹی | جمعہ 3:00 بجے دن |
| حق چیمبر' بالمقابل بسم اللہ تقی ہسپتال' کراچی ایڈمنسٹریشن سوسائٹی | جمعہ 9:00 بجے شب |
| گلستان انیس کلب' نزد ہل پارک چورنگی' شہیدِ ملت روڈ | تیسرا اتوار 11 بجے دن |
| نوبل پوائنٹ شادی ہال' نارتھ ناظم آباد | تیسرا اتوار 11 بجے دن |
| مادام اپارٹمنٹ' بالمقابل زین کلینک' چھوٹا گیٹ' ایئرپورٹ | تیسرا اتوار 11 بجے دن |
| ہل ٹاپ لان' گلستان جوہر' بلاک 16 | تیسرا اتوار 11 بجے دن |
| PIB لان' PIB کالونی' بس روٹ نمبر 8 کا آخری اسٹاپ | تیسرا اتوار 11 بجے دن |
| قرآن مرکز گلزار ہجری' R-20' پایونیئر فاؤنٹین' فیز 2' KDA اسکیم 33 | تیسرا اتوار 11 بجے دن<br>ہر بدھ بعد نماز مغرب |
| قرآن اکیڈمی یاسین آباد | منگل بعد نمازِ عشاء |
| مسجد عثمان' متصل فاران کلب انٹرنیشنل | پیر بعد نمازِ مغرب |
| ظفر اسکوائر نزد مدینہ مسجد گلی نمبر 4' برنس روڈ | منگل بعد نماز عشاء |
| عسکری III جامع مسجد' اسکول روڈ نزد کینٹ اسٹیشن | جمعہ بعد نمازِ مغرب |

.com
om

# تعلیم و تربیت

## 1) ایک سالہ قرآن فہمی کورس

بحمد اللہ انجمن خدام القرآن سندھ‘ کراچی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے بعد اِس کے زیر اہتمام ایک سالہ قرآن فہمی کورسز کا تسلسل کے ساتھ انعقاد ہو رہا ہے۔ اب تک 11 کورسز مکمل ہو چکے ہیں جن سے 275 سے زائد حضرات و خواتین اِستفادہ کر چکے ہیں‘ جن میں سے 50 حضرات و خواتین شہر کراچی کے مختلف مقامات پر دورہ ہائے ترجمۂ قرآن کرنے‘ دروس قرآن دینے اور عربی گرامر کی تدریس کی خدمت بجا لانے میں مصروف ہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ انجمن کے تحت بارہواں ایک سالہ قرآن فہمی کورس جاری ہے۔ اس مرتبہ یہ کورس دو جگہ منعقد کیا گیا‘ قرآن اکیڈمی ڈیفنس اور قرآن اکیڈمی یاسین آباد۔ قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں 35 حضرات و خواتین اِس کورس میں باقاعدگی سے شرکت کر رہے ہیں‘ جبکہ قرآن اکیڈمی یاسین آباد کے شہر کے مرکز میں ہونے کی وجہ سے وہاں 120 سے زائد حضرات و خواتین اِس کورس میں باقاعدگی سے شرکت کر رہے ہیں۔ آئندہ کورس اِن شاء اللہ تین مقامات پر کرنے کا ارادہ ہے جو 20 نومبر 2006ء سے شروع ہوگا۔

## 2) عربی گرامر برائے قرآن فہمی کلاسز

گزشتہ سال کی طرح اِس سال بھی ’’عربی گرامر برائے قرآن فہمی کورس‘‘ 15 مقامات پر منعقد کیا گیا۔ اِس کورس میں ’’عربی گرامر برائے قرآن فہمی‘‘ کتاب پڑھائی گئی۔ اِن کلاسز سے مجموعی طور پر تقریباً 70 حضرات نے اِستفادہ کیا۔ یہ کلاسز ہفتہ میں 3 دن منعقد ہو رہی ہیں۔

## 3) مدرسۃ البنین

14 نومبر 2005ء تک مدرسۃ البنین میں کل طلبہ کی تعداد 19 تھی‘ جن میں سے قاعدہ کے 10 اور ناظرہ کے 9 طلبہ اور ایک معلّم تھا۔ 15 نومبر 2005ء کو مدرسۃ البنین میں مدرسہ کی ذمہ داری جناب انصار احمد صاحب کو دی گئی اور ساتھ ہی دو اساتذہ کو رکھا گیا اور مدرسہ کا نیا نظام ترتیب دیا گیا۔ الحمد للہ اس نظام کو اختیار کرنے کے بعد تعداد میں

© rasailojaraid.

# تعلیم و تربیت

## 1) ایک سالہ قرآن فہمی کورس

بحمد اللہ انجمن خدام القرآن سندھ' کراچی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے بعد اِس کے زیر اہتمام ایک سالہ قرآن فہمی کورسز کا تسلسل کے ساتھ انعقاد ہو رہا ہے۔ اب تک 11 کورسز مکمل ہو چکے ہیں جن سے 275 سے زائد حضرات و خواتین اِستفادہ کر چکے ہیں' جن میں سے 50 حضرات و خواتین شہرِ کراچی کے مختلف مقامات پر دورہ ہائے ترجمۂ قرآن کرنے' دروسِ قرآن دینے اور عربی گرامر کی تدریس کی خدمت بجا لانے میں مصروف ہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ انجمن کے تحت بارھواں ایک سالہ قرآن فہمی کورس جاری ہے۔ اس مرتبہ یہ کورس دو جگہ منعقد کیا گیا' قرآن اکیڈمی ڈیفنس اور قرآن اکیڈمی یاسین آباد۔ قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں 35 حضرات و خواتین اِس کورس میں باقاعدگی سے شرکت کر رہے ہیں' جبکہ قرآن اکیڈمی یاسین آباد کے شہر کے مرکز میں ہونے کی وجہ سے وہاں 120 سے زائد حضرات و خواتین اِس کورس میں باقاعدگی سے شرکت کر رہے ہیں۔ آئندہ کورس اِن شاء اللہ تین مقامات پر کرنے کا ارادہ ہے جو 20 نومبر 2006ء سے شروع ہو گا۔

## 2) عربی گرامر برائے قرآن فہمی کلاسز

گزشتہ سال کی طرح اِس سال بھی ''عربی گرامر برائے قرآن فہمی کورس'' 15 مقامات پر منعقد کیا گیا۔ اِس کورس میں ''عربی گرامر برائے قرآن فہمی'' کتاب پڑھائی گئی۔ اِن کلاسز سے مجموعی طور پر تقریباً 70 حضرات نے اِستفادہ کیا۔ یہ کلاسز ہفتہ میں 3 دن منعقد ہو رہی ہیں۔

## 3) مدرسۃ البنین

14 رنومبر 2005ء تک مدرسۃ البنین میں کل طلبہ کی تعداد 19 تھی' جن میں سے قاعدہ کے 10 اور ناظرہ کے 9 طلبہ اور ایک معلّم تھا۔ 15 نومبر 2005ء کو مدرسۃ البنین میں مدرسہ کی ذمہ داری جناب انصار احمد صاحب کو دی گئی اور ساتھ ہی دو اساتذہ کو رکھا گیا اور مدرسہ کا نیا نظام ترتیب دیا گیا۔ الحمد للہ اس نظام کو اختیار کرنے کے بعد تعداد میں

© rasailojaraid.com

خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ اس وقت مدرسۃ البنین میں 64 طلبہ زیرِ تعلیم ہیں' جن میں ناظرہ کے 31 اور قاعدہ کے 32 طلبہ ہیں' جو کہ 4 کلاسز پر مشتمل ہیں۔

## 4) سمر کورس

گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی طلبہ و طالبات کے لیے موسم گرما کی تعطیلات میں "Islamic Day Camp" کے عنوان سے سمر کورسز کا انعقاد کیا گیا۔ اس مرتبہ دو کورسز کا انعقاد کیا گیا جن کا آغاز مؤرخہ 19 جون سے ہوا۔ کلاس 4 تا 8 کے طلبہ کے لیے Elementary Course اور کلاس 9 اور مزید بڑی کلاسز کے طلبہ و طالبات کے لیے Advanced Course منعقد کیا گیا۔ یہ دونوں کورسز قرآن اکیڈمی ڈیفنس اور قرآن اکیڈمی یاسین آباد' دونوں مقامات پر منعقد کیے گئے۔ ایلیمنٹری کورس میں طالبات کا پروگرام شعبہ خواتین کے تحت منعقد کیا گیا۔ مؤرخہ 17 جون کو دونوں مقامات پر دونوں کورسز کی orientation class کا انعقاد کیا گیا۔ قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں 100 کے قریب طلبہ و طالبات اور قرآن اکیڈمی یاسین آباد میں 150 کے قریب طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔ نیز ایک بڑی تعداد والدین کی بھی اس موقع پر موجود تھی۔ ایلیمنٹری کورس کا اختتام 21 جولائی کو جبکہ ایڈوانسڈ کورس کا اختتام 28 جولائی کو ہوا۔

کورس کے شرکاء کو فہم القرآن' احادیثِ مبارکہ' سیرۃ النبی ﷺ' آدابِ زندگی' تجوید کے بنیادی قواعد' نماز مع ترجمہ' نماز کے مسائل اور اخلاقیات کے مضامین کی تعلیم دی گئی۔ اِن کے علاوہ کچھ اسپیشل لیکچرز کا بھی اہتمام کیا گیا جن میں:

*First Aid Training, Health in Islam, Introduction to Islamic Websites, Time Management, Dawah Training and Techniques,*

ایمان اور اسلام میں فرق اور علامہ اقبال کی کچھ نظمیں شامل تھیں۔ ایڈوانسڈ کورس میں 66 طلبہ و طالبات میں سے 42 جبکہ ایلیمنٹری کورس میں 97 طلبہ و طالبات میں سے 57 نے کامیابی سے اس کورس کی تکمیل کی۔ مؤرخہ 15 راگست کو صدرِ انجمن نے کامیاب طلبہ و طالبات میں اسناد تقسیم کیں۔

## 5) Basic Themes of Islam

پچھلے سال متعارف کرائے گئے کورس بنام Basic Themes of Islam کی

اس سال دو مزید کلاسز منعقد کی گئیں۔ ان دونوں کورسز سے مجموعی طور پر 110 خواتین و حضرات نے استفادہ کیا۔ اس کورس کا مقصد مختصر وقت میں اُن حضرات وخواتین تک دین کا پیغام پہنچانا تھا جو کہ اپنی کاروباری یا دیگر مصروفیات کی وجہ سے باقاعدہ دینی تعلیمات کے حصول کے لیے وقت نکالنے سے قاصر ہیں۔ یہ کورس کل 12 لیکچرز پر مشتمل تھا۔ orientation اور اختتامی کلاس اِس کے علاوہ تھی۔ جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے تمام لیکچرز کونہایت احسن انداز میں پیش کیا۔ کورس کے شرکاء کوتمام لیکچرز کے نوٹس فراہم کیے گئے اور ان نوٹس کو رکھنے کے لیے انہیں فائل فولڈرز بھی پیش کیے گئے۔ تمام لیکچرز ملٹی میڈیا پروجیکٹر کے ذریعے present کیے گئے۔ ہر لیکچر کے اختتام پر شرکاء کے مختلف گروپس کے درمیان موضوع سے متعلق discussion کا اہتمام کیا گیا اور سوال و جواب کی نشست رکھی گئی۔ اِس کے علاوہ ہر لیکچر کے اختتام پر شرکاء کو home assignment بھی دی جاتی۔ ان تمام سرگرمیوں میں شرکاء کی کارکردگی کا ریکارڈ رکھا گیا۔ صدرِ انجمن نے پوزیشن حاصل کرنے والے شرکاء میں سرٹیفکیٹ اور کتابوں کے تحائف تقسیم کیے۔ اپنے تأثرات میں شرکاء نے کورس کے کامیاب انعقاد پر مبارک باد پیش کی اور اِسے بہت سراہا اور امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی اِس طرح کے کورسز منعقد کیے جاتے رہیں گے۔

### 6) اعتکاف

ہر سال کی طرح اِس سال بھی رمضان المبارک میں نمازِ تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن میں شرکت کے خواہش مند رفقاء واحباب نے مسجد جامع القرآن میں اعتکاف کی سعادت حاصل کی۔ اِس سال معتکفین کی تعداد 175 تھی۔ معتکفین کے لیے روزانہ بعد نمازِ ظہر مختلف دینی موضوعات پر لیکچرز کا اہتمام کیا گیا۔ یہ لیکچرز انجینئر نوید احمد صاحب اور شجاع الدین شیخ صاحب نے دیے۔

## شعبۂ خواتین

اس وقت مدرسے میں ناظرہ اور تجوید القرآن کی تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کی تعداد 153 ہے' جبکہ ناظرہ اور تجوید القرآن کی تعلیم حاصل کرنے والی خواتین کی تعداد 56 ہے۔ ماہ جولائی چھٹی کا مہینہ تھا اس لیے مدرسۃ البنات کی کارروائیاں معطل رہیں۔ البتہ ڈیڑھ سالہ کورس 17 جولائی تک جاری رہا۔ ماہِ اگست میں استقبالِ رمضان پر درس ہوا اور رمضان

© rasailojaraid.

میں صبح 10 سے 12.30 تک دورۂ ترجمۂ قرآن کریم ہوا۔ مدرِّسہ ثروت بنت اعوان تھیں۔
ماہانہ دروس کا سلسلہ جو ہر ماہ کی آخری جمعرات کو ہوتا ہے اس سال بھی جاری رہا۔

پورے سال کے دوران تجوید اور گرامر کے شارٹ کورسز محترمہ حنا عادل اور خورشید سعید صاحبہ نے کروائے۔ خواتین کو میت نہلانے کے آداب وطریقہ بتایا گیا۔ تہمینہ مبارک صاحبہ نے یہ فرض انجام دیا۔ دین کی ضرورت کے تحت خواتین سے عطیات کی درخواست کرنے پر بہت ساری خواتین نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

مدرسۃ البنات میں ہونے والے ترجمہ وتفسیر کی کلاس میں پارہ نمبر 12 نصف ہو چکا ہے۔ پارہ نمبر 11 تک ٹیسٹ بھی مکمل ہو چکے ہیں۔ یہ کلاس مدرِّسہ تہمینہ مبارک بروز منگل اور جمعہ لیتی ہیں۔ ماہِ اگست 2005ء میں بچیوں کی کلاس میں مختصر تفسیر سے قرآن پاک کا تعارف کروایا گیا۔ بچیاں شوق سے پڑھتی اور یاد کرتی ہیں۔ یہ کلاس بروز جمعرات ہفتہ وار ہوتی ہے۔ تکمیل قرآن فہمی کورس کے بعد تقریباً 35 خواتین جا چکی ہیں۔ ان میں سے اکثر تنظیم میں شامل ہونا چاہتی ہیں۔ ٹیچرز کو مدرسۃ البنات اور کلاس روم کے قواعد وضوابط متعارف کرائے گئے۔

## تصنیف وتالیف

تصنیف وتالیف کے حوالے سے قابلِ ذکر امور حسبِ ذیل ہیں:

1) منتخب نصاب حصہ ششم یعنی سورۃ الحدید کے نکات برائے درس وتدریس کو 1000 کی تعداد میں شائع کیا گیا اور اس طرح بفضلہٖ تعالیٰ نکات برائے درس وتدریس کا سلسلہ مکمل ہوا۔

2) اکبر علی بیگ صاحب کی مرتب کردہ کتاب ''گلدستۂ حدیث'' پر نظر ثانی کر کے اِسے 1000 کی تعداد میں شائع کیا گیا۔

3) انجینئر نوید احمد صاحب کی درج ذیل تحریریں ماہنامہ میثاق' لاہور میں شائع ہوئیں:

(i) پاکستان کا مستقبل: ہمارے طرزِ عمل کی روشنی میں

(ii) توہین ناموس رسالت ﷺ

(iii) نفاق کی حقیقت اور جماعتی زندگی میں اظہار اختلاف کے آداب اور طریق کار

اس کے علاوہ ایک تحریر ''حوادث پر مؤمنانہ طرزِ عمل'' کے عنوان سے ماہنامہ حکمتِ قرآن' لاہور میں شائع ہوئی۔

4) منتخب نصاب حصہ سوم پر نظرِ ثانی کر کے اِسے 1000 کی تعداد میں شائع کیا گیا۔

5) رباط العلوم الاسلامیہ لائبریری میں ہونے والے ماہانہ درس قرآن کے سلسلہ میں مؤرخہ 19 مارچ 2006ء کو ہونے والے خطاب کے ضمن میں ''پاکستان کا مستقبل ہمارے طرزِ عمل کی روشنی میں'' کے موضوع پر 1000 کی تعداد میں کتابچہ شائع کیا گیا۔

6) قرآنِ حکیم کے منتخب نصاب میں شامل سورۃ العنکبوت آیات 1 تا 13' سورۃ العنکبوت رکوع 5 تا 7' سورۃ الکہف آیات 27 تا 29' سورۃ البقرۃ آیات 153 تا 157' غزوۂ بدر' غزوۂ اُحد' غزوۂ احزاب کے دروس اور توہینِ ناموسِ رسالت ﷺ اور حدود آرڈیننس پر اعتراضات کا جائزہ کے مضامین کو کتابچوں کی صورت میں شائع کیا گیا۔

## شعبۂ سمع و بصر

گزشتہ سال ماہِ رمضان المبارک میں الیکٹرانک میڈیا پر دعوت کے اعتبار سے خصوصی توجہ دی گئی۔ کراچی کے مختلف علاقوں میں ڈاکٹر اسرار احمد صاحب مدظلہ کا بیان القرآن ویڈیو کراچی شہر کے آٹھ مختلف کیبل نیٹ ورکس پر چلایا گیا جو کہ کافی مفید رہا۔ شہر کے ایک بڑے کیبل نیٹ ورک پر براہِ راست تراویح پروگرام کو متعارف کروایا گیا جو الحمد للہ کافی مفید رہا۔ محترم اعجاز لطیف صاحب کا دورۂ ترجمۂ قرآن فاران کلب انٹرنیشنل سے براہِ راست نشر کیا گیا۔ یہ پروگرام دعوت کے اعتبار سے موزوں رہا۔ اس نیٹ ورک کے تقریباً سات لاکھ صارفین ہیں۔ الیکٹرانک میڈیا کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے شعبۂ سمع و بصر کے تحت ایک اسٹوڈیو کا قیام عمل میں لایا گیا' جس کی ساؤنڈ پروفنگ کے لیے مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے تعاون سے خصوصی طور پر تربیت یافتہ لوگوں کو مدعو کیا گیا اور ان کی نگرانی میں کام مکمل کیا گیا۔ اسٹوڈیو میں ائیر کنڈیشننگ کا انتظام بھی انجمن کے ایک ممبر نے مکمل کروایا جو کہ اس سلسلے میں مہارت رکھتے ہیں۔ ریکارڈ شدہ ویڈیو کو ایڈیٹ کرنے کی غرض سے ایک edit suit بھی تعمیر کیا گیا جس میں دو عدد ویڈیو ایڈیٹ سسٹم نصب کیے گئے۔ ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے 104 ویڈیو خطابات جو کہ VHS پر تھے' انہیں DVDs پر ڈیجیٹل کرنے کا کام مکمل کیا گیا۔ دورانِ سال آڈیو' ویڈیو کیسٹس' سی ڈیز اور ڈی وی ڈیز کی ریکارڈنگز کی تعداد اِس طرح رہی:

© rasailojaraid.com

| | سال 2004-05ء | سال2005-06ء |
|---|---|---|
| آڈیو کیسٹس | 36,955 | 58,895 |
| ویڈیو کیسٹس | 571 | 598 |
| سی ڈیز | 8,346 | 13,000 |
| ڈی وی ڈیز | 9,423 | 15,400 |

# آئی ٹی سیکشن

اس سال IT Section نے Microsoft developer hosting تبدیل کیا ہے جس میں 100 GB space کے ساتھ ساتھ اس کو handle کرنا آسان ہے اور اس کی قیمت بھی کم ہے۔ قرآن اکیڈمی یاسین آباد میں networking کا کام مکمل ہوا۔ قرآن اکیڈمی یاسین آباد میں DSL internet service مہیا کی گئی ہے جس سے قرآن اکیڈمی ڈیفنس سے رابطے میں رہا جا سکتا ہے۔ تمام شعبہ جات کے data کو کسی بھی قسم کے نقصان سے بچانے کے لیے روزانہ بیک اپ لیا جاتا ہے۔ قرآن اکیڈمی گلستان جوہر میں انجمن کے اساتذہ کے لیے آئی ٹی سیکشن کے تحت کمپیوٹر سسٹمز اور ضروری accessories مہیا کرنے کے سلسلے میں کام جاری ہے۔ انجینئر نوید احمد صاحب کی عربی گرامر کی videos کو classwise کر کے ویب سائٹ پر upload کر دیا گیا ہے۔ اِن شاء اللہ مستقبل میں تمام VHS لائبریری کو computer format میں convert کر دیا جائے گا۔

# مکتبہ

قرآن اکیڈمی میں قائم مکتبہ سے اِستفادہ کی صورتِ حال ہر سال بہتر ہوتی جا رہی ہے۔ مکتبہ کے اوقاتِ کار صبح 9:00 تا شام 6:00 بجے ہیں۔ البتہ خصوصی پروگراموں کے دوران یہ رات گئے تک خدمات انجام دیتا ہے۔ قرآن اکیڈمی کے علاوہ شہرِ کراچی میں انجمن کے تحت دیگر دعوتی پروگراموں میں مکتبہ کی سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

اِس سال مکتبہ پر فروخت کے حوالے سے اعداد و شمار اِس طرح ہیں:

| | 2004-05ء (روپے) | 2005-06ء (روپے) |
|---|---|---|
| آڈیو کیسٹس | 6,43,271/- | 6,03,172/- |
| ویڈیو کیسٹس | 68,035 | 30,760 |
| CDs | 15,61,472/- | 26,46,569/- |
| کتب | 13,21,827/- | 16,09,117/- |
| کل میزان | 35,94,605/- | 48,89,618/- |

**کیسٹ لائبریری :**

مکتبہ اپنی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ کیسٹ لائبریری کی دیکھ بھال بھی کرتا ہے۔

کیسٹ لائبریری سے استفادہ کرنے والوں کی تعداد ماہانہ دس سے پندرہ افراد ہے۔

**کیسٹ کلب :**

انجمن خدّام القرآن سندھ ہر ہفتے مسجد دارالسلام باغِ جناح لاہور میں ہونے والے خطابِ جمعہ کا کیسٹ' کیسٹ کلب کے ممبران کے گھر آفس تک پہنچانے کا انتظام کرتی ہے۔

اِس وقت کیسٹ کلب کے ممبران 180 ہیں۔

# ذیلی مراکز

## 1) قرآن مرکز کورنگی

الحمدللہ! قرآن مرکز کورنگی انجمن خدّام القرآن سندھ' کراچی کا پہلا ذیلی مرکز ہے۔ یہ ذیلی مرکز 1995ء سے تعلیمی و تدریسی خدمات انجام دے رہا ہے۔ اِس مرکز کی تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں کا مختصر جائزہ کچھ اِس طرح ہے :

☆ شعبۂ حضرات :

قرآن مجید کی ناظرہ تعلیم کے لیے 3 کلاسز میں 250 طلبہ زیرِ تعلیم ہیں۔ شعبۂ تعلیم و تربیت میں طلبہ کی تعداد 15 ہے۔ یہ ایک خصوصی کلاس ہے' یہاں ناظرہ تعلیم کے بعد بچوں کو آدابِ زندگی سکھائے جاتے ہیں اور اِنہیں دین کی اخلاقی تعلیمات سے آگاہ کیا جاتا ہے۔

© rasailojaraid.com

دورۂ حفظ کی کلاس میں اِس وقت طلبہ کی تعداد 22 ہے۔ ہفتہ وار درسِ قرآن ہر جمعرات بعد نمازِ عشاء ہوتا ہے۔ 28 نومبر 2005ء سے عربی گرامر برائے قرآن فہمی کلاس کا آغاز ہوا۔ یہ کلاس ہفتہ میں 5 دن جاری رہی۔ مجموعی طور پر 25 حضرات نے اِس کلاس سے استفادہ کیا۔ ہر ماہ کے چوتھے اتوار کو ماہانہ تربیتی اجتماع ہوتا ہے جس میں اوسطاً 25 حضرات شریک ہوتے ہیں۔ مؤرخہ 19 جون تا 21 جولائی 2006ء میٹرک اور انٹر کے طلبہ کے لیے فہمِ دین کے عنوان سے سمر کورس کا انعقاد ہوا' جس میں 40 سے زائد طلبہ شریک ہوئے۔

☆ دورۂ ترجمۂ قرآن:

سال کا سب سے خاص اور بابرکت پروگرام ماہِ رمضان المبارک میں ترجمۂ قرآن کے ساتھ تراویح کا اہتمام ہے۔ ہر چار رکعت تراویح سے قبل اُن میں تلاوت کی جانے والی آیات کا ترجمہ اور مختصر تشریح جناب محمد نعمان صاحب نے نہایت عمدگی سے بیان کی۔ اِس پروگرام میں حضرات وخواتین کی اوسطاً حاضری 75 رہی۔

☆ شعبۂ خواتین:

قرآن مجید کی ناظرہ تعلیم کے لیے چار کلاسز میں 133 طالبات زیرِ تعلیم ہیں۔ شعبۂ تجوید میں دو کلاسز میں 29 خواتین باقاعدہ شریک ہوتی ہیں۔ ہر ماہ کے دوسرے جمعہ کو منعقد ہونے والے درسِ قرآن میں اوسطاً 100 خواتین شرکت کرتی ہیں۔ 28 نومبر 2005ء سے ایک سالہ قرآن فہمی کورس کی کلاس میں 14 خواتین شریک ہو رہی ہیں۔

## 2) قرآن اکیڈمی' یاسین آباد

☆ تعمیر: اس سال قرآن اکیڈمی کی تعمیر میں خاصی پیش رفت ہوئی۔ basement مکمل ہوا۔ گراؤنڈ فلور اور میزانین فلور اپنی تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ پلاسٹر' رنگ وغیرہ' پنکھوں اور لائٹ کی تنصیبات مکمل ہو چکی ہیں۔ گراؤنڈ پر ماربل کا کام جاری ہے۔ دو سال سے دورۂ ترجمہ قرآن اکیڈمی سے باہر شمیم گارڈن میں ہو رہا تھا جبکہ سال رواں میں دورۂ ترجمۂ قرآن اکیڈمی کے گراؤنڈ فلور پر کرنے کا منصوبہ ہے۔ ٹوائیلٹس' وضو خانہ اور کچن زیرِ تعمیر ہے۔ 40KV کے ایک جنریٹر کی تنصیب ہو چکی ہے۔

☆ تعلیمی سرگرمیاں: اس سال ایک سالہ قرآن فہمی کورس شروع کیا گیا۔ نتیجہ درج ذیل ہے:

| | حضرات | خواتین |
| --- | --- | --- |
| رجسٹریشن | 75 | 93 |
| کورس کی تکمیل کی | 40 | 65 |

اپنے نامکمل انتظامات کے باوجود ریکارڈ رجسٹریشن رہی۔ شہر کے وسط میں اکیڈمی ہونے کی وجہ سے ایک سالہ کورس میں حاضری نہایت اچھی رہی۔ اس کے علاوہ عربی گرامر کی دو کلاسز شام کے اوقات میں منعقد کی گئیں۔ مدرسۃ البنین میں 25 بچوں کو ناظرۂ قرآن اور تجوید کی تعلیم دی جارہی ہے۔ اسی طرح مدرسۃ البنات میں 25 بچیاں ناظرہ قرآن اور تجوید کی تعلیم حاصل کررہی ہیں۔ مکتبہ بھی قائم ہے۔ الحمد للہ لوگ کثیر تعداد میں مکتبہ سے استفادہ کررہے ہیں۔

## 3) قرآن مرکز لانڈھی

قرآن مرکز لانڈھی ان دنوں زیر تعمیر ہے اس لیے فی الحال مرکز پر ہر قسم کی سرگرمی معطل ہے۔ قرآن مرکز بالکل منہدم کر کے نئے سرے سے تعمیر ہو رہا ہے۔ ان شاء اللہ گراؤنڈ فلور جنوری 2007ء تک مکمل ہو جائے گا' پھر اوپر کی منزل پر کام ہوگا۔

## 4) قرآن مرکز نارتھ کراچی

قرآن مرکز نارتھ کراچی کے لیے ایک صاحبِ خیر نے 240 گز کا ایک پلاٹ ہبہ کیا تھا۔ یہ پلاٹ اب انجمن کے نام منتقل ہو چکا ہے۔ اِس مرکز کی تعمیر کے لیے ابتدائی نقشہ جات کی تیاری کا کام مکمل ہو چکا ہے اور ان نقشہ جات کو KBCA کے متعلقہ دفتر میں منظوری کے حصول کے لیے جمع کروادیا گیا ہے۔ امید ہے کہ آئندہ سال تعمیری کام شروع ہو جائے گا۔

## 5) قرآن سینٹر ڈیفنس

مدرسۃ البنات میں روزانہ نماز عصر سکھائی / پڑھائی جاتی ہے۔ تجوید و ناظرہ کی تعلیم بھی جاری ہے۔ مزید برآں بچوں کو اسلامی تعلیمات دی جاتی ہیں۔ بچوں کی اوسط تعداد 45 رہی۔

''عبادتِ ربّ'' کے نام سے ایک کورس منعقد کیا گیا جس میں عبادت کے جامع تصور کو واضح کیا گیا۔ اس کورس کا آغاز اکتوبر 2005ء اور اختتام دسمبر 2005ء کو ہوا۔ یہ کورس کُل 12 لیکچرز پر مشتمل تھا۔ اس کورس میں مردوں کی تعداد 40 جبکہ خواتین کی اوسط تعداد 25 رہی۔

© rasailojaraid.com

دورۂ حفظ کی کلاس میں اِس وقت طلبہ کی تعداد 22 ہے۔ ہفتہ وار درسِ قرآن ہر جمعرات بعد نمازِ عشاء ہوتا ہے۔ 28 نومبر 2005ء سے عربی گرامر برائے قرآن فہمی کلاس کا آغاز ہوا۔ یہ کلاس ہفتہ میں 5 دن جاری رہی۔ مجموعی طور پر 25 حضرات نے اِس کلاس سے استفادہ کیا۔ ہر ماہ کے چوتھے اتوار کو ماہانہ تربیتی اجتماع ہوتا ہے جس میں اوسطاً 25 حضرات شریک ہوتے ہیں۔ مؤرخہ 19 جون تا 21 جولائی 2006ء میٹرک اور انٹر کے طلبہ کے لیے فہمِ دین کے عنوان سے سمر کورس کا انعقاد ہوا' جس میں 40 سے زائد طلبہ شریک ہوئے۔

☆ دورۂ ترجمۂ قرآن:

سال کا سب سے خاص اور بابرکت پروگرام ماہِ رمضان المبارک میں ترجمۂ قرآن کے ساتھ تراویح کا اہتمام ہے۔ ہر چار رکعت تراویح سے قبل اُن میں تلاوت کی جانے والی آیات کا ترجمہ اور مختصر تشریح جناب محمد نعمان صاحب نے نہایت عمدگی سے بیان کی۔ اِس پروگرام میں حضرات وخواتین کی اوسطاً حاضری 75 رہی۔

☆ شعبۂ خواتین:

قرآن مجید کی ناظرہ تعلیم کے لیے چار کلاسز میں 133 طالبات زیرِ تعلیم ہیں۔ شعبۂ تجوید میں دو کلاسز میں 29 خواتین باقاعدہ شریک ہوتی ہیں۔ ہر ماہ کے دوسرے جمعہ کو منعقد ہونے والے درسِ قرآن میں اوسطاً 100 خواتین شرکت کرتی ہیں۔ 28 نومبر 2005ء سے ایک سالہ قرآن فہمی کورس کی کلاس میں 14 خواتین شریک ہو رہی ہیں۔

## 2) قرآن اکیڈمی' یاسین آباد

☆تعمیر: اس سال قرآن اکیڈمی کی تعمیر میں خاصی پیش رفت ہوئی۔ basement مکمل ہوا۔ گراؤنڈ فلور اور میزانین فلور اپنی تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ پلاسٹر' رنگ وغیرہ' پنکھوں اور لائٹ کی تنصیبات مکمل ہو چکی ہیں۔ گراؤنڈ پر ماربل کا کام جاری ہے۔ دو سال سے دورۂ ترجمہ قرآن اکیڈمی سے باہر شیم گارڈن میں ہو رہا تھا جبکہ سال رواں میں دورۂ ترجمۂ قرآن اکیڈمی کے گراؤنڈ فلور پر کرنے کا منصوبہ ہے۔ ٹوائیلٹس' وضو خانہ اور کچن زیرِ تعمیر ہے۔ 40KV کے ایک جنریٹر کی تنصیب ہو چکی ہے۔

☆تعلیمی سرگرمیاں: اس سال ایک سالہ قرآن فہمی کورس شروع کیا گیا۔ نتیجہ درج ذیل ہے:

| | حضرات | خواتین |
| --- | --- | --- |
| رجسٹریشن | 75 | 93 |
| کورس کی تکمیل کی | 40 | 65 |

اپنے نامکمل انتظامات کے باوجود ریکارڈ رجسٹریشن رہی۔ شہر کے وسط میں اکیڈمی ہونے کی وجہ سے ایک سالہ کورس میں حاضری نہایت اچھی رہی۔ اس کے علاوہ عربی گرامر کی دو کلاسز شام کے اوقات میں منعقد کی گئیں۔ مدرسۃ البنین میں 25 بچوں کو ناظرہ قرآن اور تجوید کی تعلیم دی جارہی ہے۔ اسی طرح مدرسۃ البنات میں 25 بچیاں ناظرہ قرآن اور تجوید کی تعلیم حاصل کررہی ہیں۔ مکتبہ بھی قائم ہے۔ الحمد للہ لوگ کثیر تعداد میں مکتبہ سے استفادہ کررہے ہیں۔

## 3) قرآن مرکز لانڈھی

قرآن مرکز لانڈھی ان دنوں زیرِ تعمیر ہے اس لیے فی الحال مرکز پر ہر قسم کی سرگرمی معطل ہے۔ قرآن مرکز بالکل منہدم کر کے نئے سرے سے تعمیر ہورہا ہے۔ اِن شاء اللہ گراؤنڈ فلور جنوری 2007ء تک مکمل ہوجائے گا' پھر اوپر کی منزل پر کام ہوگا۔

## 4) قرآن مرکز نارتھ کراچی

قرآن مرکز نارتھ کراچی کے لیے ایک صاحبِ خیر نے 240 گز کا ایک پلاٹ ہبہ کیا تھا۔ یہ پلاٹ اب انجمن کے نام منتقل ہوچکا ہے۔ اِس مرکز کی تعمیر کے لیے ابتدائی نقشہ جات کی تیاری کا کام مکمل ہوچکا ہے اور ان نقشہ جات کو KBCA کے متعلقہ دفتر میں منظوری کے حصول کے لیے جمع کروادیا گیا ہے۔ امید ہے کہ آئندہ سال تعمیری کام شروع ہوجائے گا۔

## 5) قرآن سینٹر ڈیفنس

مدرسۃ البنات میں روزانہ نمازِ عصر سکھائی / پڑھائی جاتی ہے۔ تجوید و ناظرہ کی تعلیم بھی جاری ہے۔ مزید برآں بچوں کو اسلامی تعلیمات دی جاتی ہیں۔ بچوں کی اوسط تعداد 45 رہی۔

''عبادتِ ربّ'' کے نام سے ایک کورس منعقد کیا گیا جس میں عبادت کے جامع تصور کو واضح کیا گیا۔ اس کورس کا آغاز اکتوبر 2005ء اور اختتام دسمبر 2005ء کو ہوا۔ یہ کورس کُل 12 لیکچرز پر مشتمل تھا۔ اس کورس میں مردوں کی تعداد 40 جبکہ خواتین کی اوسط تعداد 25 رہی۔

© rasailojaraid.com

Demands of Quran (منتخب نصاب) اس کورس کی اب تک 12 کلاسز ہو چکی ہیں جبکہ چوتھی کتاب آدھی ختم ہو چکی ہے۔ اس کورس کا آغاز 29 مارچ 2006ء کو کیا گیا تھا۔ یہ کورس کل 30 لیکچرز پر مشتمل ہے۔ اس کورس میں مردوں کی اوسط تعداد 70 جبکہ خواتین کی اوسط تعداد 45 ہے۔

## 6) قرآن مرکز گلزارِ ہجری

بچوں کے لیے ناظرہ قرآنی تعلیم کا سلسلہ عصر و مغرب کے درمیان جون 2005ء سے تا حال جاری ہے۔ تعداد طلبہ: 18' طالبات: 2 (اوسطاً)۔ عربی گرامر کورس برائے قرآن فہمی کا کورس 28 نومبر 2005ء سے شروع ہو کر 22 جون 2006ء کو اختتام پذیر ہوا۔ ابتداء میں 25 طلبہ تھے جو بتدریج کم ہوتے ہوتے آخر میں پانچ رہ گئے۔ حضرات کی تجوید کی اصلاح و درستگی کے لیے یکم ستمبر 2005ء سے قاری غلام مصطفیٰ صاحب مغرب وعشاء کے درمیان کلاس لے رہے ہیں جس میں فی الحال 6 طلبہ ہیں۔ سال گزشتہ کی طرح امسال بھی الحمدللہ نماز تراویح کا اہتمام کیا گیا جس میں قاری عقیل صاحب نے تراویح پڑھائی اور بعد میں سلیم الدین صاحب نے اہم آیات کا ترجمہ و مختصر تشریح پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ اوسطاً 35 حضرات اور 30 خواتین نے اس سے استفادہ کیا۔

## صرف خواتین کے لیے پروگرامز

یکم فروری 2006ء سے تا حال شام تین سے چار بجے کے درمیان روزانہ ناظرہ قرآنی تعلیم کا سلسلہ جاری ہے۔ تعداد خواتین: 2' تعداد طالبات: 16' معلّمہ: قاریہ بیگم غلام مصطفیٰ۔ جنوری 2006ء سے بروز منگل و بدھ شام چار تا چھ بجے کے درمیان رفیقہ تنظیم اسلامی محترمہ شمائلہ صاحبہ اور قاریہ صاحبہ کی زیرنگرانی خواتین کو تجوید سکھائی جا رہی ہے۔ تعداد خواتین: 10۔ ترجمہ و تفسیر قرآن کا سلسلہ جنوری 2006ء سے تا حال جاری ہے' تعداد خواتین: تقریباً 25' مدرِّسہ: اہلیہ فریس مسعود صاحب۔ 15 شعبان تا 27 رمضان صبح 10 سے 12 کے درمیان محترمہ اہلیہ فریس مسعود صاحبہ نے دورۂ ترجمہ قرآن کیا جس میں تقریباً 35 خواتین نے شرکت کی۔

om

# چند قابلِ ذکر اُمور

## 1) دیگر اداروں میں لیکچرز و خطابات

الحمدللہ! اِس سال بھی چند تعلیمی و دیگر اداروں کی طرف سے انجمن کو عربی گرامر کلاسز اور مختلف موضوعات پر لیکچرز و خطابات کی دعوت دی گئی۔

☆ انجینئر نوید احمد صاحب کے لیکچرز و خطابات کی تفصیل حسب ذیل ہے:

21 مئی 2006ء کو ڈاکٹر مبین اختر صاحب کے زیرِ نگرانی قائم تعلیمی ادارے "Fun to learn" میں ''نبی اکرم ﷺ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں'' کے موضوع پر'18 اپریل 2006ء کو لیاقت نیشنل ہسپتال میں شعبۂ نیورولوجیکل کے زیرِ اہتمام Day of Appreciation میں ''اصل اور دائمی کامیابی'' کے موضوع پر'23 اپریل 2006ء کو ''انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ فار اسلامی ریسرچ'' کے زیرِ اہتمام رنگون والا ہال میں ''ایران پر ممکنہ امریکی یا اسرائیلی حملہ اور عالمِ اسلام پر اُس کے اثرات'' کے موضوع پر منعقدہ سیمینار میں'21 مارچ 2006ء کو جامعہ کراچی کے شعبہ' اکنامکس میں "Leadership & Communication" کے موضوع پر'29 نومبر 2005ء کو دعوۃ اکیڈمی' بین الاقوامی یونیورسٹی اسلام آباد کے ریجنل سینٹر واقع گلشن معمار میں ''عبادت'' کے موضوع پر' 27 دسمبر 2005ء کو ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی کے زیرِ اہتمام ایک سیمینار میں ''Islamic Teachings for Preventive Medicine'' کے موضوع پر اور 29 دسمبر 2005ء کو Pharma Evo کے شائع کردہ کیلنڈر کی تقریبِ رونمائی میں خطاب فرمایا جو پرل کانٹیننٹل ہوٹل میں منعقد کی گئی۔

☆ نیوی انجینئرنگ کالج (PNS جوہر) میں انجینئر نعمان اختر صاحب گریجویشن کے طلبہ کو انگریزی میں اسلامک سٹڈیز کا مضمون پڑھا رہے ہیں۔

☆ شجاع الدین شیخ صاحب کے لیکچرز و خطابات کی تفصیل حسب ذیل ہے:

12 جون 2006ء کو دعوۃ اکیڈمی' بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے ریجنل سینٹر (سندھ)' واقع گلشن معمار میں اندرون سندھ سے آئے ہوئے اساتذہ کے لیے منعقد ہونے والے ایک تربیتی پروگرام میں ''حبِ رسول ﷺ اور اس کے تقاضے'' کے موضوع پر خطاب فرمایا۔ کالج آف اکاؤنٹنگ اینڈ مینجمنٹ سائنس (CAMS) میں شجاع الدین شیخ

© rasailojaraid.com

صاحب "Basic Themes of Islam" کے موضوع پر لیکچرز دے رہے ہیں۔
14 مارچ 2006ء کالج آف بزنس اینڈ مینجمنٹ (CBM) میں "یومِ حسینؓ" کے موقع پر "شہادتِ حسینؓ اور ہماری ذمہ داریاں" کے موضوع پر' 26 دسمبر 2005ء کو دعوۃ اکیڈمی' بین الاقوامی یونیورسٹی اسلام آباد کے ریجنل سینٹر واقع گلشن معمار میں "عشقِ مصطفیٰ ﷺ اور اس کے تقاضے" کے موضوع پر' 10 ستمبر 2005ء کو پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن کے تحت منعقدہ سیمینار میں "Islam and Tobacco" کے موضوع پر ایک گفتگو میں اپنے تأثرات کا اظہار کیا۔

## 2) خصوصی خطاباتِ جمعہ

نگرانِ انجمن اور دیگر مقررین نے مسجد جامع القرآن میں خصوصی خطابات فرمائے جن کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:
محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے خطاباتِ جمعہ میں "نکاح کے ضمن میں قرآن حکیم سے رہنمائی" اور "دہشت گردی کے اسباب" کے موضوعات پر خطاب فرمایا۔ جبکہ حافظ عاکف سعید صاحب نے "دہشت گردی" کے موضوع پر خطاب ارشاد فرمایا۔

## 3) فاران کلب میں درسِ قرآن

فاران کلب انٹرنیشنل کے زیرِ اہتمام ماہانہ درسِ قرآن کا پروگرام باقاعدگی کے ساتھ ہر مہینہ کے پہلے اتوار کو جاری ہے۔ قرآنِ حکیم کے منتخب نصاب کے سلسلہ وار دروس کی ذمہ داری اکیڈمک ڈائریکٹر انجینئر نوید احمد صاحب بڑے احسن طریقہ سے انجام دے رہے ہیں۔ اِس پروگرام میں مجموعی طور پر تقریباً 400 حضرات وخواتین شریک ہوتے ہیں۔ اس نشست میں اب تک منتخب نصابِ قرآنی کے چار حصّوں کے دروس مکمل ہو چکے ہیں' جبکہ پانچویں حصّے کے دروس کا آغاز ہو چکا ہے۔ درس کے نکات پر مشتمل کتابچہ شرکاء کو تحفۃً پیش کیا جاتا ہے۔

## 4) انٹرنیٹ پر لیکچرز

الحمدللہ! www.paltalk.com کے گروپ "By language: India & Pakistan" کے روم lvllvl quranacademy pakistan live lvllvl میں پاکستان کے وقت کے مطابق روزانہ رات 7:00 بجے روم کا آغاز ہوتا ہے جس میں

.com
om

نگرانِ انجمن اور دیگر مقررین کی تقاریر/ دروس نشر کیے جاتے ہیں۔ رات 10:00 بجے سے 2:00 بجے live پروگرامز کا انعقاد ہوتا ہے جس میں تجوید' آداب زندگی' آؤ دعائیں یاد کریں' منتخب نصاب آن لائن' درسِ قرآن' دینی موضوعات پر ورکشاپ' تذکیر بالقرآن اور سوال و جواب کی نشست ہوتی ہے۔ تجوید اور تذکیر بالقرآن کی ذمہ داری انجمن سے منسلک دو حافظین جناب حافظ ناصر اور جناب حافظ عمر ادا کر رہے ہیں۔ درسِ قرآن کی ذمہ داری جناب شجاع الدین شیخ صاحب اور عثمان کاظمی صاحب ادا کر رہے ہیں۔ ان تمام پروگرامز میں متحدہ عرب امارات' امریکہ' برطانیہ' کینیڈا' بیلجیم اور بھارت سے سامعین شرکت کرتے ہیں۔ اِس طرح یہ روم ِسمندر پار پاکستانیوں میں انجمن کی سرگرمیوں کے تعارف کا ایک مؤثر ذریعہ بن گیا ہے۔

# آئندہ کے منصوبے

1) قرآن اکیڈمی یاسین آباد کی مین بلڈنگ کے چاروں طرف ایک باؤنڈری وال اور باؤنڈری وال سے مین بلڈنگ تک فرش پختہ کروانا ہے۔

2) شعبۂ سمع و بصر میں ویڈیو ایڈیٹنگ کی سہولیات فراہم کرنے کا منصوبہ ہے۔

3) الحمد للہ قرآن اکیڈمی کے تمام شعبہ جات کے کمپیوٹرز کو نیٹ ورکنگ کے ذریعے link کر دیا گیا ہے۔ اِن شاء اللہ اگلے مرحلے کے طور پر کراچی شہر کے مختلف مراکز کو بھی interlink کیا جائے گا۔

4) منتخب نصاب نمبر 2 کے نوٹس کی کمپوزنگ کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ ان شاء اللہ عنقریب ان نوٹس کو کتابی صورت میں شائع کر دیا جائے گا۔

5) منتخب نصاب حصہ اوّل پر نظر ثانی کر کے اِسے چند اضافوں کے ساتھ شائع کرنے کا ارادہ ہے۔

6) مدرسین اور مترجمین کی سہولت کے پیشِ نظر قرآن کریم کا ایک رواں اور آسان ترجمہ تیار کرنے کا کام جاری ہے۔ طویل آیات کو چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کر کے متن اور ترجمہ کو ایک ساتھ شائع کیا جائے گا تاکہ درسِ قرآن دیتے ہوئے یا ترجمۂ قرآن کرتے ہوئے ترجمہ کی روانی برقرار رہے۔

7) قرآن اکیڈمی ڈیفنس کی تعمیرات میں توسیع کا منصوبہ ہے جس میں طہارت اور وضو کی سہولیات کو بہتر بنانے اور اسٹاف کی رہائش کے لیے معقول انتظام کرنا پیش نظر ہے۔

8) گلستانِ جوہر میں قرآن اکیڈمی کی تعمیر کر کے وہاں ایک سالہ قرآن فہمی کورس شروع کرنے کا ارادہ ہے۔

© rasailojaraid.com

# انجمن خدام القرآن ملتان

انجمن خدام القرآن ملتان کی تاسیس 1990ء میں ہوئی تھی۔ اس طرح دعوت و تبلیغ علوم قرآنی کی اس راہ پر چلتے ہوئے سولہ سال مکمل ہو چکے ہیں۔ سطورِ ذیل میں انجمن کی سال 06-2005ء کی کارکردگی رپورٹ پیش خدمت ہے۔

## دورۂ ترجمۂ قرآن

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور اور منسلک انجمنوں کی سب سے نمایاں خصوصیت جس کی بنا پر انہیں دوسرے تمام دینی اداروں پر امتیازی حیثیت حاصل ہے وہ باترجمہ تراویح کا پروگرام ہے، جس کے ذریعے ہر سال ماہِ رمضان المبارک میں ہزاروں لوگوں کو دعوت قرآنی سے براہِ راست متعارف ہونے کا موقع ملتا ہے، جن میں سے بہت سے لوگوں کو اپنی زندگی کا رخ درست سمت میں موڑنے کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔ یہ پروگرام الحمدللہ گزشتہ کئی برس سے پاکستان کے تمام نمایاں شہروں میں جاری ہے۔ ملتان میں اس سال یہ پروگرام قرآن اکیڈمی کے علاوہ جامع مسجد الہدیٰ شاہ رکن عالم کالونی میں بھی ہوا، جبکہ قرطبہ مسجد گارڈن ٹاؤن میں بعد از تراویح درس قرآن کا سلسلہ جاری رہا۔ قرآن اکیڈمی میں دورۂ ترجمۂ قرآن کی یہ سعادت راقم الحروف (ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی، صدر انجمن) کے حصے میں آئی۔ جامع مسجد الہدیٰ میں انجینئر محمد عطاء اللہ خان اور گارڈن ٹاؤن میں محمد سلیم اختر صاحب نے یہ فرائض ادا کیے۔ پروگرامز کی تشہیر کے لیے ہینگنگ کارڈز، پاکٹ کارڈز اور بینرز بنوائے گئے۔ اس پروگرام میں ملتان شہر کے علاوہ باہر سے بھی لوگ شرکت کرتے رہے۔ ان میں سے کچھ لوگ پورا ماہ قرآن اکیڈمی میں رہائش پذیر رہے جن کے لیے بلامعاوضہ سحری و افطاری کا اہتمام کیا گیا تھا۔ ماہِ مبارک کے آخری عشرے میں کسی قدر گرمی کے باوجود چالیس افراد نے اعتکاف کی مسنون عبادت کی سعادت حاصل کی۔ دورانِ اعتکاف روزمرہ کے معمولات سے متعلق نبی اکرم ﷺ کی دی گئی ہدایات کو معتکفین کے سامنے واضح کیا گیا۔ مزید برآں بانیٔ ادارہ محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے دروس و خطاباتِ قرآنی کی ویڈیو ریکارڈنگز دکھانے کا اہتمام کیا گیا جن کے ذریعے انہیں بانیٔ محترم کے دینی فکر کو سمجھنے کا موقع ملا۔ الغرض تمام شرکاء نے دورۂ ترجمۂ قرآن کے پروگرام کو ایک نعمت قرار دیا اور اس

om

سلسلے کو مزید پھیلانے پر زور دیا۔

علاوہ ازیں خواتین کے لیے بھی دن کے اوقات میں دورۂ ترجمۂ قرآن کا اہتمام کیا گیا' جس میں مدرِّسہ کے فرائض محترمہ ڈاکٹر ربیعہ عامر نبی صاحبہ نے ادا کیے۔ کم و بیش چالیس پینتالیس خواتین اس میں باقاعدگی سے شریک ہوتی رہیں۔

## ترجمہ و تفسیر قرآن کلاس

علومِ قرآنی کے ساتھ لوگوں کے رابطے کو برقرار رکھنے کے لیے سارا سال ترجمہ و تفسیر قرآن کلاس جاری رہتی ہیں۔ یہ کلاس ہفتے میں چار دن ہوتی ہے جس میں درس و تدریس کی ذمہ داری راقم کے ذمہ ہے۔ اس وقت سورۃ الانبیاء کا درس جاری ہے۔ اس کلاس میں شرکاء کی حاضری بیس تا پچیس رہتی ہے۔ علاوہ ازیں دن کے اوقات میں خواتین کے لیے بھی ترجمہ و تفسیر قرآن کلاس ہوتی ہے جس میں تجوید ایک مستند قاریہ صاحبہ پڑھا رہی ہیں' جبکہ ترجمہ و تفسیر قرآن کی ذمہ داری محترمہ صغریٰ خاکوانی صاحبہ ادا کر رہی ہیں۔ اس کلاس میں اوسطاً پینتیس خواتین شریک ہوتی ہیں۔

## مکتبہ

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور اپنی شبانہ روز محنت کے ذریعے محترم بانیٔ ادارہ جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے دینی فکر پر مبنی لٹریچر کی طباعت و اشاعت اور آڈیو ویڈیو ریکارڈنگ کے ساتھ ساتھ انہیں نہایت وسیع پیمانے پر پھیلانے کا کام نہایت تن دہی سے انجام دے رہی ہے۔ اس مقصد کے لیے ادارۂ ہٰذا میں بھی ایک مکتبہ قائم کیا گیا ہے جس کے ذریعے اس دعوتِ قرآنی کو عوام الناس تک پہنچانے میں کافی مدد ملی ہے۔ دورانِ سال تقریباً سوا دو لاکھ روپے کی کتب' سی ڈیز' ڈی وی ڈیز اور آڈیو کیسٹ فروخت ہوئے ہیں۔

## نظام خطاب جمعۃ المبارک

جامع مسجد قرآن اکیڈمی میں اس کے آغاز سے ہی نماز جمعہ کا نظام باقاعدگی سے جاری ہے۔ خطاب جمعہ کو عوام الناس خصوصاً تعلیم یافتہ طبقے میں کافی پذیرائی حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن اکیڈمی کے گرد و نواح میں بہت تھوڑی آبادی ہونے کے باوجود کم و بیش تین سو افراد نماز جمعہ کے اجتماع میں شریک ہوتے ہیں۔ خطابِ جمعہ کی ذمہ داری راقم الحروف اور محترم سعید اظہر عاصم صاحب کے سپرد ہے۔ نماز جمعہ کے بعد مسنون تقاریب

© rasailojaraid.com

نکاح کے انعقاد کا سلسلہ بھی جاری رہا' جن کے ذریعے عوام الناس کو اصلاح الرسوم کے حوالے سے شادی بیاہ کی اسلامی رسومات سے متعارف کرانے اور غیر اسلامی رسومات کی نشاندہی کے علاوہ انہیں ترک کرنے کی ترغیب دلانے کا سلسلہ بھی جاری رہا۔

## شعبہ حفظ و ناظرہ

قرآن اکیڈمی میں بچوں کے لیے حفظ قرآن کا بھی اہتمام ہے جس میں اس وقت تیس طلبہ اللہ تعالیٰ کی اس کتاب حکیم کو حفظ کرنے کی تگ ودو میں مصروف ہیں۔ دوران سال آٹھ بچوں نے حفظ قرآن کی تکمیل کی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں حفظ کے ساتھ ساتھ اس کتاب ہدایت کو سمجھنے' اس پر عمل کرنے اور اسے دوسروں تک پہنچانے کی بھی توفیق عطا فرمائے' آمین!

حفظ کے علاوہ بچوں کے لیے قرآن پاک کی ناظرہ تدریس کا بھی اہتمام کیا گیا ہے' جس میں بیس بچے قرآن پاک کی ناظرہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ خواتین کے لیے بھی ناظرہ تدریس قرآن کا اہتمام ہے۔ تقریباً چالیس کے لگ بھگ بچیاں اور خواتین اس کلاس سے استفادہ کر رہی ہیں۔

## اقرأ کلاس

ادارۂ شانِ اسلام لاہور کے زیر نگرانی 1999ء سے ایک اقرأ کلاس کا اہتمام ادارۂ ہٰذا میں بھی کیا گیا ہے۔ اس کے ذریعے کسی وجہ سے تعلیم حاصل نہ کر سکنے والے بچوں کو تین سال میں پرائمری تک تعلیم دی جاتی ہے۔ اس کلاس کے تمام اخراجات ادارہ ہٰذا برداشت کرتا ہے جبکہ نگرانی کی ذمہ داری ادارہ شانِ اسلام کے سپرد ہے۔ اس کلاس کے دو سیشن مکمل ہو چکے ہیں جبکہ تیسرا سیشن اس وقت جاری ہے جس میں اس وقت تیس بچے زیر تعلیم ہیں۔

## اختتامیہ

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری اس حقیر سی محنت کو شرف قبولیت بخشے اور ہمیں مزید بہتر سے بہتر طور پر یہ ذمہ داریاں سرانجام دینے کی توفیق عطا فرمائے اور اس دوران ہونے والی ہماری دانستہ و نادانستہ کوتاہیوں سے صرف نظر فرمائے۔ آمین!

om

# انجمن خدام القرآن سرحد

انجمن خدام القرآن سرحد سرپرست اعلیٰ محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی رہنمائی اور اراکین انجمن کے جانی و مالی انفاق کی بنیاد پر 1992ء سے اپنا پروگرام چلا رہی ہے۔ انجمن خدام القرآن سرحد کی سرگرمیوں میں باقاعدگی پیدا کرنے اور منظم انداز میں انجمن کے کام کو چلانے کی خاطر 06-2005ء کے لیے مجلس منتظمہ کا انتخاب ہوا۔ بعد ازاں صدر انجمن ڈاکٹر محمد اقبال صافی صاحب نے مجلس منتظمہ میں سے مندرجہ ذیل عہدیداروں کا انتخاب کیا۔

معتمد عمومی: خورشید انجم　　معاون معتمد: محمد یاسر حلیم

ناظم بیت المال: اشفاق احمد میر　　اعزازی محاسب: ڈاکٹر محمد امان صافی

سال گزشتہ کے دوران منتخب شدہ مجلس منتظمہ کی میٹنگز باقاعدگی کے ساتھ منعقد ہوتی رہیں۔ انجمن خدام القرآن کے زیر اہتمام 06-2005ء میں مندرجہ ذیل دعوتی پروگرام منعقد ہوئے:

مورخہ 05-10-02 کو ڈاکٹر حافظ محمد مقصود صاحب نے ''رمضان اور قرآن'' کے موضوع پر بعد نماز عصر صدر انجمن کی رہائش گاہ پر اور ڈیفنس آفیسرز کالونی میں بعد نماز مغرب خطاب فرمایا۔ مورخہ 05-11-29 کو امیر تنظیم اسلامی محترم حافظ عاکف سعید صاحب نے معاون معتمد انجمن خدام القرآن سرحد محمد یاسر حلیم صاحب کے عقد نکاح مسنونہ کے موقع پر ڈیفنس آفیسرز کالونی پشاور کی مسجد میں ''شادی بیاہ کی رسومات کے ضمن میں ایک اصلاحی تحریک'' کے عنوان سے خطاب فرمایا۔ مورخہ 05-10-08 کو پریس کلب پشاور میں صدر انجمن خدام القرآن فیصل آباد جناب ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب نے ''اسلام اور سیکولرزم'' کے موضوع پر خطاب فرمایا۔ مورخہ 06-02-19 کو امیر تنظیم اسلامی حلقہ پنجاب شمالی جناب خالد محمود عباسی صاحب نے صدر انجمن کی رہائش گاہ پر ایک دعوتی اجتماع میں ''قرآن اور ایمان کا باہمی تعلق'' کے موضوع پر خطاب فرمایا۔ مورخہ 06-06-06 کو پریس کلب پشاور میں امیر تنظیم اسلامی جناب حافظ عاکف سعید صاحب نے ''باطل قوتوں کے مقابلے میں اللہ کی نصرت کے حصول کا یقینی راستہ'' کے موضوع پر خطاب فرمایا۔

ان تمام پروگراموں میں مکتبہ لگانے کا اہتمام کیا گیا اور تقریباً 15 ہزار روپے کی کتب و

© rasailojaraid.com